SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Thursday, March 4, 1993

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at thirty three minutes after ten of the clock in the morning, with Madam Deputy Chairman (Dr. Noor Jehan Panezai) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فبما رحمة من اللّٰه لنت لهمO ولو كنت فظا غليظ القلب لا نفضو

امن حولكO فاعف عنهم واستغفر لهم وشاور هم فى

الامرO فاذا عزمت فتوكل على الله ۔ ان الله يحب

المتوكلينO

(سورۃ آل عمران آیت ۱۵۹)

ترجمہ۔(اے محمد) خدا کی مہربانی سے تمہاری افتاد مزاج ان لوگوں کے لئے نرم واقع ہوئی ہے اور اگر تم بدخو اور سخت دل ہوتے تو یہ تمہارے پاس سے بھاگ کھڑے ہوتے۔ تو ان کو معاف کردو اور ان کیلئے (خدا سے) مغفرت مانگو اور اپنے کاموں میں ان سےمشورت لیا کرو اور جب (کسی کام کا) عزم مصمم کرلو تو خدا پر بھروسہ رکھو بیشک خدا بھروسہ رکھنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ وقفہ سوالات۔ جناب ڈاکٹر ریحان صاحب آن پوائنٹ آف آرڈر۔

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Thursday, March 4, 1993

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at thirty three minutes after ten of the clock in the morning, with Madam Deputy Chairman (Dr. Noor Jehan Panezai) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فبما رحمة من اللّٰه لنت لهمO ولو کنت فظا غليظ القلب لا نفضو
امن حولکO فاعف عنهم واستغفر لهم وشاور هم فی
الامرO فاذا عزمت فتوکل علی الله - ان الله يحب
المتوکلينO

(سورۃ آل عمران آیت ۱۵۹)

ترجمہ۔(اے محمد) خدا کی مہربانی سے تمہاری افتاد مزاج ان لوگوں کے لئے نرم واقع ہوئی ہے اور اگر تم بدخو اور سخت دل ہوتے تو یہ تمہارے پاس سے بھاگ کھڑے ہوتے۔ تو ان کو معاف کردو اور ان کیلئے (خدا سے) مغفرت مانگو اور اپنے کاموں میں ان سےمشورت لیا کرو اور جب (کسی کام کا) عزم مصمم کرلو تو خدا پر بھروسہ رکھو بیشک خدا بھروسہ رکھنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ وقفہ سوالات۔ جناب ڈاکٹر ریحان صاحب آن پوائنٹ آف آرڈر۔

POINT OF OREDER: RE: GRANT OF AN HONOURARIUM FOR THE STAFF OF THE SENATE

ڈاکٹر محمد ریحان۔ جناب والا، ایک اہم ضروری بات ہے جو کہ بغیر پوائنٹ آف آرڈر کے کیونکہ ہم سمجھتے ہیں کہ شاید یہ سیشن کا آخری دن ہو۔ جناب یہ ہے کہ سینیٹ سیکرٹریٹ کا سٹاف، آفیسرز اور دوسرے ایمپلائیز ہیں۔ ان کو تیسرا honorarium دینے کے متعلق ہے جناب سپیکر صاحب -------

(مداخلت)

میڈم ڈپٹی چیئرمین ۔ یہ proper طریقے سے move کریں۔

ڈاکٹر محمد ریحان۔ جناب یہ آج ہی معاملہ پیش آیا ہے اور چونکہ عید بھی آ رہی ہے اور ان لوگوں نے بڑی اچھی خدمت کی stenotypist ڈیوٹی کی ہے رمضان کے مہینے میں۔ ان کو صلہ مل جانے تاکہ اپنے بچوں کو یہ کہہ سکیں کہ ہم جو دیر سے آتے تھے، آدھی رات کو آتے تھے، ان کو کیا صلہ ملا تاکہ وہ یہ کہہ سکیں کہ ان کی عید بڑی خوشی کے ساتھ ------ انہوں نے جو محنت کی ہے کام کیا ہے، خدمات دی ہیں تاکہ ان کے بچوں کو کم از کم ان کی معلومات ہو جائیں۔ تیسرا (آنریریم) دے دیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین ۔ شکریہ ڈاکٹر صاحب آپ کا، میں چیئرمین صاحب سے اس کے بارے میں ضرور بات کروں گی۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید ۔ جناب یہ بہت اہم مسئلہ ہے۔ میں تائید کرتا ہوں ڈاکٹر صاحب کی۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جی میں نے کہہ دیا ہے۔ میں نے اس کو اپوز تو نہیں کیا۔ میں نے کہا ہے کہ میں ان سے بات کروں گی۔ شکریہ جی۔ میر جبار صاحب آن پوئنٹ آف آرڈر۔

میر عبدالجبار ۔ مہربانی جناب۔ میں بھی ڈاکٹر ریحان صاحب کی تائید کرتا ہوں۔ ہمارے جو سیکرٹریٹ کے ملازمین ہیں وہ بھی ہمارے ساتھ کام کرتے ہیں، ہمارے لئے دن رات کام کرتے ہیں، تو ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ڈیوٹی میں فیل ہو جائیں گے اگر آپ کو نہیں بتائیں گے۔ یہ آنریریم کے حقدار ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ سب تائید کر رہے ہیں۔ سب تائید کر رہے ہیں۔ شکریہ جی۔

QUESTIONS AND ANSWERS

میڈم ڈپٹی چیئرمین ۔ وقفہ سوالات۔ سوال نمبر ۲۴ حافظ حسین احمد صاحب۔

24 * **Hafiz Hussain Ahmad:** Will the Minister for Religous Affairs be pleased to state:

(a) the laws enacted, by the Parliament, sofar on the recommendations of the Council of Islamic Ideology; and

(b) number of recommendations discussed in the Parliament since November, 1991?

Maulana Muhammad Abdus Sattar Khan Niazi: (a) The Parliament has so far enacted the following laws in the light of recommendations of Council of Islamic Ideology.

(i) The Enforcement of Shariat Act, 1991.

(ii) The Baitul Mal Act, 1991.

(iii) The Special Courts for Speedy Trial Act, 1992.

Moreover, the Government takes guidance of the Council's recommendations when it brings a new enactment. the law of *Qisas and Diyat* is under active consideration of the Standing Committee of the National Assembly for giving it permanent status.

The following ordinances passed on the recommendations of the Council have been given permanent status by the Parliament:-

(i) The Pakistan Penal Code (Amendment) Ordinance, 1982 (I of 1982).

(ii) Anti Islamic Activities of the Qadiani Group, Lahori Group and Ahmadia (Prohibition and Punishment) Ordinance, 1984 (XX of 1984).

(iii) The Offences Against Property (Enforcement of Hudood)Ordinance, 1979.

(iv) The Offence of Zina (Enforcement of Hudood) Ordinance, 1979.

(v) The Offence of Qazf (Enforcement of Hadd) Ordinance, 1979.

(vi) The Prohibition (Enforcement of Hadd) Order, 1979.

(vii) The Execution of Punishment of whipping Ordinance, 1979.

(viii) The Qanoon-e-Shahadat Ordinance, 1984.

(ix) The Ehtiram-e-Ramazan Ordinance, 1981.

(x) Law Commission Ordinance, 1979.

(xi) The Federal Laws(Revision and Declaration) Ordinance, 1981(XXVII of 1981).

(xii) Federal Adoptation of Laws Order, 1975.

The Council has recommended amendments in about 150 Federal Laws which are under active consideration of the different agencies of the government on the recommendation of the Nifaz-e-Shariat Committee established in the M/O Religious Affairs. The said Committee is also monitoring to this effect. The information being collected by the Committee would be brought to the knowledge of this august House.

(b) In the strict sense, no recommendation of the Council of Islamic Ideology has been discussed in the Parliament since November 1991. However, the legislation has been made in the light of recommendations of the Council during the said period. The National Assembly has started its discussion on the reports of the Council for the year 1986-87, 1987-88, 1988-89 and 1990-91 since 11th February, 1993.

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ ضمنی سوال حافظ حسین احمد صاحب۔

حافظ حسین احمد۔ میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ میرا سوال تھا کہ اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات پر اب تک پارلیمنٹ میں کتنے قوانین وضع کئے ہیں۔ جب کہ جواب دیا گیا ہے کہ کونسل کی سفارشات پر منظور شدہ آرڈیننسوں کو، درج ذیل آرڈیننسوں کو پارلیمنٹ نے مستقل حیثیت دی ہے۔ میں کہتا ہوں کہ جو سفارشات ہیں اس میں کتنی سفارشات پر اب تک غور کیا گیا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جناب مولانا محمد عبدالستار نیازی صاحب، وزیر برائے مذہبی امور۔

مولانا عبدالستار خان نیازی۔ جناب یہ جواب مفصل ہے۔ کئی اور سفارشات اس کے متعلق ہیں وہ میں پڑھ کر سنا دیتا ہوں۔

حافظ حسین احمد۔ جناب میرا سوال یہ ہے کہ آرڈیننسوں پر غور کیا پارلیمنٹ نے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جواب دے رہے ہیں آپ ذرا انتظار کریں۔

مولانا عبدالستار خان نیازی۔ مسئلہ جو ہے نظریاتی کونسل کا۔ یہ سفارش کرتی ہے جس کے متعلق قانون سازی آپ کا حق ہے۔ سینٹ کا، نیشنل اسمبلی کا، وہ اس کو جو قبول کرتے ہیں اس کے مطابق قانون سازی ہو جاتی ہے۔ وہاں پر پورا حق حاصل ہے ہاؤس کو کہ اس سفارشات کے متعلق جو قانون سازی ہے اس میں مین میخ نکالیں، اس کی خامیاں دور کریں، اس کو صحیح کریں۔ نظریاتی کونسل کی فہرست آپ کو دے دی گئی ہے۔ قوانین بن چکے ہیں۔ یہ آپ نے منظور کرلئے ہیں۔ ان میں سے اگر کوئی آپ کو ہے تو اس میں ترمیم لاسکتے ہیں۔ اس کے خلاف بیان دے سکتے ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ شکریہ، جناب حافظ حسین احمد صاحب۔

حافظ حسین احمد۔ سوال یہ ہے وہ پہلا سوال ہے۔ یہ میں کہہ رہا ہوں یہ آرڈیننسوں پر غور کیا ہے انہوں نے سفارشات پر، کتنی سفارشات پر پارلیمنٹ نے آج تک غور کیا ہے۔ یہ تو صدر صاحب نے آرڈیننس جاری کئے ہیں۔ نہیں نہیں، سفارشات پر نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں آئین کے آرٹیکل ۲۳۰ کے تحت پارلیمنٹ کے دونوں ایوان اور چاروں صوبائی اسمبلیاں پابند ہیں کہ چھ ماہ کے اندر اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات پر غور کرے۔ میرا سوال یہ تھا اور ہے اب بھی کہ کتنی سفارشات پر بغیر آرڈیننسوں کے------

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ چوہدری امیر حسین صاحب آپ جواب دینا چاہتے ہیں۔ مولانا صاحب تو بیٹھے ہیں۔

چوہدری امیر حسین۔ لیکن یہ Parliament Affairs کا بھی معاملہ ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ چوہدری امیر حسین صاحب وزیر برائے پارلیمانی امور۔

حافظ حسین احمد۔ جناب یہ مذہبی امور کا مسئلہ ہے۔ جناب نہیں جی' میں اس پر احتجاج کرتا ہوں۔ مولانا صاحب کو موقع دیں اگر وہ کہے کہ میں بے بس ہوں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ نہیں نہیں وہ کچھ بتانا چاہتے ہیں۔ اپنی پارلیمنٹ کے بارے میں (مداخلت) نہیں یہ بھی جواب دیں گے۔ حافظ صاحب یہ بھی جواب دیں گے۔ آپ ذرا سن لیں وہ کہنا کیا چاہتے ہیں۔

حافظ حسین احمد۔ محترمہ آئین کے تحت اسلامی نظریاتی کونسل وزارت مذہبی امور کے ساتھ منسلک ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ حافظ حسین احمد صاحب وہ بھی گورنمنٹ کے منسٹر ہیں' صرف ان کی سن لیں۔ یہ جواب تو مولانا صاحب دیں گے۔ چوہدری امیر حسین صاحب وزیر برائے پارلیمانی امور۔

چوہدری امیر حسین۔ محترمہ پہلی تو گزارش یہ ہے کہ Cabinet کی collective responsibility ہوتی ہے۔ کیبنٹ کا کوئی بھی ممبر جواب دے سکتا ہے۔ دوسرا یہ ہے چونکہ پارلیمنٹ کے اندر بحث کے لئے پابندی ہے آئین کے تحت کہ وہ کی جانے گی۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی۔ پوائنٹ آف آرڈر۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جی اعجاز علی خان جتوئی صاحب۔

Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi: Walking in the House.

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ یہ آپ کا سٹاف ہے جی' آپ کا اپنا سٹاف ہے۔ آپ بہت دنوں کے بعد آئے ہیں۔ اس لئے نظر نہیں آتا۔ جناب چوہدری امیر حسین صاحب۔

چوہدری امیر حسین۔ یہ ٹھیک ہے مولانا صاحب نے سوال کیا۔ بڑا اچھا سوال ہے اور آخری جو اجلاس قومی اسمبلی کا ہوا ہے۔ اس میں اسلامی نظریاتی کونسل کی رپورٹ پیش کی گئی ہے اور اس پر بحث بھی ہوئی ہے اور آئین کے تحت جو پابندی ہے جو provision انہوں نے quote کی ہے۔ صحیح کوٹ کی ہے۔ اس کی compliance میں نیشنل اسمبلی میں بحث اس پر کرائی گئی ہے اور ٹیبل پر تمام رپورٹس وہاں دی گئی ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ مولانا صاحب آپ اس بارے میں اور کچھ تو نہیں کہنا چاہتے ہیں۔

مولانا عبدالستار خان نیازی۔ میں نے بیان دے دیا ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جناب حافظ حسین احمد صاحب۔ آپ کی تسلی ہوگئی ہے اس جواب سے۔

حافظ حسین احمد۔ نہیں جی میری تسلی نہیں ہوئی۔ میں نے کہا کہ اب تک جو پارلیمنٹ نے کتنی رپورٹس پر-----------

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ انہوں نے نیشنل اسمبلی کا تو دے دیا ہے۔

حافظ حسین احمد۔ نہیں نیشنل اسمبلی کا نہیں، میں نے پارلیمنٹ کی بات کی ہے۔ اب تک کتنی رپورٹس پر انہوں نے بحث کیا ہے۔ ایک پر، دو پر، کتنی پر کیا ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ مولانا صاحب یہ تو آپ بتا دیں کہ کتنی رپورٹس پر اب تک (ڈسکشن) ہو چکی ہے۔

مولانا عبدالستار خان نیازی۔ یہ بڑی تفصیل ہے۔ اس میں کوئی زیر بحث ہے، کوئی پیش کی جارہی ہیں۔ یہ تو کوئی چار پانچ صفحے اس کے متعلق ہیں جو یہ معلوم کرسکتے ہیں۔ اس ریکارڈ کے اندر موجود ہیں۔ باقی سفارشات آتی رہتی ہیں۔ کوئی قبول کرتے ہیں، کوئی قبول نہیں کرتے اس کو۔ یہ چاہیں تو چار پانچ صفحے میں ان کو پڑھ کر سنا دوں۔ قذف کے متعلق ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ حافظ حسین احمد صاحب وہ پڑھ کر سنا دیں۔

حافظ حسین احمد۔ جناب وہ آرڈیننسوں کی بات کر رہے ہیں۔ (میں آپ کی توجہ) آپ اگر اس کو غور سے دیکھیں گی۔ جواب دیا گیا ہے کہ حسب ذیل منظور شدہ آرڈیننس کو پارلیمنٹ نے مستقل حیثیت دی ہے۔ وہ ایک الگ مسئلہ ہے کہ صدر بغیر سفارشات پر غور کئے آرڈیننس جاری کرتا ہے۔ وہ آئین کے تحت، پارلیمنٹ اس کو مستقل حیثیت دیتی ہے۔ میرا سوال شروع میں یہ ہے کہ کیا اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات پر جو آئین کی دفعہ ۲۳۰ کے تحت ضروری ہے، پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں اور چاروں صوبائی اسمبلیوں میں، میں یہ گزارش کر رہا ہوں، ان سفارشات میں سے کتنی سفارشات پر، کل کتنی ہیں اور کتنی پر انہوں نے بحث کی ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ مولانا عبدالستار خان نیازی صاحب۔

مولانا عبدالستار خان نیازی۔ وزیر قانون صاحب اس کا جواب دیں گے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جناب چوہدری عبدالغفور صاحب وزیر قانون صاحب۔

چوہدری عبدالغفور۔ محترمہ میں یہ بیان کرنا چاہتا ہوں کہ یہ matter چونکہ لاء ڈیپارٹمنٹ سے متعلق ہے اور وزارت مذہبی امور، چونکہ جو طریقہ کار ہے اس کے تحت یہ درست ہے کہ پورا ریکارڈ ہر محکمہ کا وزارت مذہبی امور کے پاس نہیں ہوتا، اسلامی نظریاتی کونسل نے جو اب سے کام شروع کیا ہے ہر ایک قانون چاہے وہ صوبائی تھا یا فیڈرل گورنمنٹ کا تھا، اس کو بالترتیب ساری ایک ایک کرکے سب کو کھنگالا کہ کون کون سا قانون جو ہے وہ in contradiction of Islamic Injunctions قرآن اور سنت کون کون سا ہے ۔ اس کی طرف جب انہوں نے توجہ دلائی تو وہ ہر ایک محکمہ میں ہر محکمہ نے اپنے اپنے طور پر وہ قوانین جو ہیں اس کے شرعی، اسلامی نظریاتی کونسل کی رائے کے مطابق ڈھال دیتے۔ اس طرح یہ تمام قوانین کو اکٹھا کرنا کوئی آسان کام نہیں ہے ۔ یہ مختلف محکموں کا کام ہے۔ اتنا بڑا ambiguous دراصل یہ سوال کیا گیا ہے ان کو چاہیئے کہ بطور خاص اگر وہ چاہتے ہیں کہ کسی خاص قانون کے متعلق پوچھنا ہے تو اس کی نشاندہی کریں کہ کس قانون کے متعلق پوچھنا چاہتے ہیں۔ لیکن میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ یہ بات بھی میرا خیال ہے وہ صحیح طریقہ سے پڑھ نہیں سکے کہ جو آرڈیننس نافذ کئے ان کو باقاعدہ پارلیمنٹ نے ایکٹ کا درجہ دیا ہے۔ اور یہ وہی تھا جو اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات پر عمل میں آیا۔

The following Ordinances passed on the recommendations of the Council of Ideology, the Council has been given permanent status by the Parliament.

انہوں نے جب اس کی سفارشات کیں۔ آرڈیننس جو فوری طور پر مرتب ہوئے، پارلیمنٹ میں آئے، اس کا قانون بنا۔ اس کے علاوہ جس جس محکمے کے متعلق قوانین تھے سب نے اس کے مطابق ان قوانین کو ڈھال دیا ہے۔ یہ ایک بہت بڑا پلندہ بن سکتا ہے جب سے انہوں نے اس پر غور شروع کیا۔ اگر ان کی نظر میں حافظ صاحب کی ممکن ہے تسلی نہ ہو، لیکن میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ وہ بتائیں کہ کس قوانین کے متعلق بطور خاص پوچھنا چاہتے ہیں۔ ہم بتا دیں کہ اس پر عمل ہوا ہے یا نہیں ہوا۔ لیکن یہ بتانا کہ تمام پاکستان میں، ہر محکمے میں کون کون سا قانون اس کے عمل میں آیا۔ یہ متعلقہ محکمے ہی بتا سکتے ہیں۔ ہر محکمے کے اپنے اپنے قوانین ہیں اسلئے اگر مزید ضرورت ہے تو اس کو تفصیل سے کہہ دیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ پیر عباس شاہ پوائنٹ آف آرڈر پر۔

سید عباس شاہ۔ جناب غلام اسحاق خاں کے دور میں ہماری اسلامی نظریاتی کونسل کی رپورٹ پر تقریباً ہر سیشن میں ریڈنگ ہوا کرتی تھی ایک گھنٹہ یا آدھ گھنٹہ مخصوص ہوا کرتا تھا۔ میں نے اپنے صدارتی خطاب میں تین بار اس کا ذکر کیا ہے کہ ہمیں اس پارلیمنٹ میں' نظام کار میں نظریاتی کونسل کی شق وار میرے خیال میں دو تین رپورٹوں پر ہماری یہاں پر بحث ہو چکی تھی اور آپ کو بھی یاد ہوگا۔ نواب زادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی اس پر آدھ آدھ گھنٹہ تک تقریر کرتے رہتے تھے تو حکومت کے علاوہ ہماری بھی اس ہاؤس کی ذمہ داری ہے کہ ہم نظریاتی کونسل کی رپورٹوں کی یہاں پر ریڈنگ شروع کریں اور اس کے لئے وقت دیں اس کے بجائے کہ ہم ایک ایک دن اس پر بحثی کرتے ہیں اور وقت ضائع کریں تو ہماری یہ ذمہ داری اور اس کے لئے کمیٹی بھی مقرر ہوئی تھی اور پروفیسر خورشید صاحب اس کے انچارج تھے۔ انہوں نے پتہ نہیں کہاں اور کس حد تک اس کو پہنچایا۔ میں یہ صرف آپ کے نوٹس میں لانا چاہتا تھا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ شکریہ جناب اعجاز جتوئی صاحب پوائنٹ آف آرڈر پر۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی۔ یہ question hour چل رہا ہے ' اس میں شاید پوائنٹ آف آرڈر allow ہو رہے ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جناب حافظ حسین احمد صاحب۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی۔ آپ نے کافی دنوں کے بعد کرسی سنبھالی ہے مبارکباد قبول کریں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ نہیں نہیں میں بڑی جلدی میں تھی آپ بڑی دیر سے آئے ہیں۔

حافظ حسین احمد۔ محترمہ یہ آئین کے آرٹیکل ۲۳۰ کے ذیلی دفعہ(۴) کے تحت لکھا ہوا ہے کہ اسلامی نظریاتی کونسل اپنے تقرر کے ، سال کے اندر اپنی رپورٹ پیش کرے گی اور سالانہ عبوری ہو یا حتمی موصول ہونے کے ۶ ماہ کے اندر دونوں ایوانوں اور ہر صوبائی اسمبلی کے سامنے برائے بحث پیش کی جائے۔ میرا سوال اگر آپ پڑھ لیں تو اس میں یہ ہے کہ اسلامی نظریاتی کونسل کی کتنی رپورٹ پر وہ آرڈیننس کی بات کر رہے ہیں۔ میں یہ چیلنج کرتا ہوں کہ کسی ایک رپورٹ پر بھی بحث نہیں ہوئی ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ اس کے لئے آپ fresh question دیں کیونکہ انہوں نے تو

تین وزرا، نے جواب دے دیا ہے جناب چوہدری امیر حسین صاحب۔

چوہدری امیر حسین۔ محترمہ جواب میں لکھا ہوا ہے۔ قومی اسمبلی نے اسلامی نظریاتی کونسل کے سال ۸۷-۱۹۸۶ء ' ۸۸-۱۹۸۷ء' ۸۹-۱۹۸۸ء ' ۹۰-۱۹۸۹ء ' ۹۱-۱۹۹۰ء کی رپورٹوں پر ۱۱ فروری ۱۹۹۳ء سے غور شروع کیا ہے۔ جواب کے اندر لکھا ہوا ہے۔ اگر پڑھاجائے تو-------"

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ ابھی اور تفصیل لینی ہے جناب حافظ صاحب تو آپ پھر fresh notice دے دیں۔ تین وزیروں نے آپ کو جواب دے دیا ہے۔

حافظ حسین احمد۔ میرا آخری ضمنی سوال یہ ہے کہ کیا اسلامی نظریاتی کونسل کے اسلامی نظام معیشت اور اور ربا اور سود کے متعلق جو رپورٹ تھی جس کو پچھلے سال اور اس سال اس پارلیمنٹ میں پیش کیا گیا اس پر غور کی گیا ہے یا نہیں اور کب کیا جائے گا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ اب تو ایک specific question سے مولانا عبدالستار نیازی صاحب کیا اس کا جواب دے سکیں گے۔

مولانا عبدالستار خان نیازی۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہاں پر بحث ہو اور جو معیشت کے متعلق آپ نے بیان کیا ہے اس پر یہ سوال ہوا تھا کہ یہ رپورٹ نہیں ہے۔ لیکن اس کو اقبال احمد خان صاحب نے شاید نہیں پڑھا۔ ایک کمیٹی بنائی گئی تھی کہ اس رپورٹ کے متعلق بیان دے تو کمیٹی کے کنوینر نے وہ رپورٹ جو ہے باقاعدہ پیش کی ہے وہ بھی رپورٹ جب چاہیں ہم خوش آمدید کہتے ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ شکریہ جناب۔ next question ڈاکٹر ریحان صاحب پوائنٹ آف آرڈر پر۔

ڈاکٹر محمد ریحان۔ جناب میں یہ پوچھنا چاہوں گا کہ یہ اسلامی نظریاتی کونسل جو بنائی گئی ہے۔ گذشتہ چند سالوں سے یہ قائداعظم کے وقت میں کیوں نہیں بنائی گئی تھی۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں۔ جناب پروفیسر خورشید صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد۔ ویسے question hour میں پوائنٹ آف آرڈر ہوتا نہیں ہے۔

مولانا عبدالستار خان نیازی۔ جی میں اس کا جواب دینا چاہتا ہوں کہ------

میڈم ڈپٹی چیئرمین - یہ پوائنٹ آف آرڈر بنتا ہی نہیں مولانا صاحب آپ تشریف

رکھیں۔ بہرہ ور سعید صاحب آپ بھی تشریف رکھیں میں نے ابھی آپ کو اجازت نہیں دی۔ پروفیسر خورشید صاحب، آخری سپلیمنٹری۔

پروفیسر خورشید احمد۔ میں پھر وزیر محترم کو متوجہ کروں گا اس طرف کہ یہ جو فرمایا گیا ہے کہ Recommendation of the Council has been given permanent status by the Parliament یہ غالباً جواب درست اس لئے نہیں ہے کہ یہ آٹھویں ترمیم میں indemnity جن چیزوں کو دی گئی ہے یہ غالباً اس کی طرف ریفر کر رہے ہیں تو اس کو پارلیمنٹ کو اس طریقہ سے دینا گویا اس نے یہ قانون سازی کی ہے صحیح نہیں کیا وہ یہ بتلا سکیں گے کہ بیت المال ایکٹ ۹۱ اور ۱۹ Special Courts for Speedy trial Act 1992 جنہیں انہوں نے خاص طور پر کیا ہے کہ یہ پارلیمنٹ نے In the light of recommendation اسلامی کونسل مقرر کئے ہیں۔ ان دونوں کے بارے میں اسلامی کونسل نے کئی Specific recommendation کیا تھا اس لئے کہ شریعہ ایکٹ کے بارے میں تو انہوں نے یہ کہا تھا کہ ہم یہ قانون نہیں بنارہے ہیں۔ یہ قانون پریزیڈنٹ نے ہمیں refer کیا ہے اور اس پر ہم انہیں رائے دے رہے ہیں اور جو رائے انہوں نے دی تھی وہ اس سے بہت مختلف ہے جو قانون سازی ہوگی۔ لیکن ان آخری دو کے بارے میں تو مجھے یہ علم نہیں ہے کہ کب کونسل نے specific recommendation دی ہیں کہ یہ قوانین جو پارلیمنٹ نے پاس کئے ہیں اس پر یہ رائے ہے کونسل کی۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ مولانا ستار نیازی صاحب اس کے بارے میں------

مولانا عبدالستار خان نیازی۔ یہ اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارش پر نہیں ہے اور باقی بیت المال کے متعلق جو ہے باقاعدہ یہ ایک الگ سوال دیں تو میں بتا سکتا ہوں کہ یہ تجویز کب پیش کی گئی ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ Fresh Question دیں جی پروفیسر صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد۔ میں اس سوال کے تتمہ کے طور پر وزیر محترم ہاؤس کو یہ معلومات دیں کہ ان تینوں قوانین کے بارے میں کہ کب refer کئے گئے کونسل کو۔ کونسل نے ان پر کیا سفارشات دیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ اس کے لئے پروفیسر صاحب انہوں نے fresh notice مانگا ہے۔

پروفیسر خورشید احمد۔ Fresh Notice کی اس میں ضرورت نہیں ہے اس لئے کہ جو

سوال یہاں آیا ہے ہم اس سوال کے بارے میں معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ اس کے بارے میں وہ تفصیل دیں کہ کب حکومت نے یہ قانون ان کو بھیجا۔ کونسل نے اس کے بارے میں کیا سفارشات دیں اور جو چیز recommend ہوئی ہے اس میں اور کونسل کی سفارشات میں کیا فرق ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ اس کے لئے تو نوٹس مانگا ہے جی۔

پروفیسر خورشید احمد۔ اسے نوٹس نہیں کہتے محترمہ اس کے لئے قاعدہ یہ ہوتا ہے کہ وزیر جو ہے وہ ذمہ داری لیتا ہے کہ ہم اس کی follow up information ہاؤس کو دیں گے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ بعد میں یہ ساری اطلاعات ہاؤس کو دے دیں گے مولانا صاحب۔

مولانا عبدالستار خان نیازی۔ انشاء اللہ دے دیں گے جی۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ شکریہ جی ۔ اگلا سوال نمبر ۱۹۱ سید محمد فضل آغا صاحب۔

191 *Syed Muhammad Fazal Agha (on his behalf): Will the Minister for Environment and Urban Affairs be pleased to state the number of persons employed in grade 16 and below in the Ministry and its subordinate offices, attached departments and Corporations, since January, 1992, with province-wise break-up?

Mr. Anwar Saifullah Khan: The number of persons employed in Grade-16 and beolow in the Environment and Urban Affairs Division, Pakistan Environmental Protection Agency (attached department) and National Conservation Strategy (Project) since January, 1992 with province-wise break-up are as under:-

S.No.	Name of Post and BPS	Number of Posts	Name of Office	Province-wise Breakup
1.	Driver (BPS-4)	1	E&UA Div	Merit
2.	Assistant(BPS-11)	1	Pak:EPA	NWFP
3.	Stenographer(BPS-15)	2	N.C.S.	1-Punjab 1-NWFP
4.	Stenotypist(BPS-12)	2	N.C.S.	1-Punjab

				1-NWFP
5.	LDC(BPS-5)	3	N.C.S.	2-Punjab
				1-NWFP
6.	Driver(BPS-4)	2	N.C.S.	1-Punjab
				1-NWFP
7.	Naib Qasid(BPS-1)	4	N.C.S.	Locally recruited

Madam Deputy Chairman: Supplementary question?

Jam Kararuddin: Should we presume from this answer that nobody has been employed in grade 16?

Minister Sahib is busy in gossipings.

Madam Deputy Chairman: Mr. Anwar Saifullah Khan, please be attentive, it is your question. Jam Sahib, please repeat the question.

Jam Kararuddin: Shall we presume from this answer from the honourable Minister that nobody has been employed in grade-16?

Madam Deputy Chairman: Anwar Siafullah Sahib, Minister for Environment.

Mr. Anwar Saifullah Khan: Yes, nobody, in fact there was one post of grade-16, if I recollect, but that was in the Ministry, in the Environment and Urban Affairs Division but as far as this question is concerned there is nobody in grade-16.

Jam Kararuddin: In grade-16 nobody has been employed?

Mr. Anwar Saifullah Khan: No.

Madam Deputy Chairman: Hafiz Hussain Ahmed Sahib on a supplementary.

حافظ حسین احمد۔ جناب کیا وزیر صاحب بتائیں گے کہ یہ صرف صوبہ سرحد اور پنجاب

میں کس قانون کے تحت انہوں نے تقسیم کئے ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جناب انور سیف اللہ صاحب۔

جناب انور سیف اللہ خان۔ جناب چیئرپرسن قانون تو میں نہیں بتاتا یہ تو اسٹیبلشمنٹ ڈویژن سے پوچھنا چاہئیے۔ ہمیں تو بتا دیا جاتا ہے کہ یہ اتنی جو پوسٹیں ہیں ان میں سے فلانے صوبے کا کوٹہ اتنا ہے اور فلانے کا اتنا لینا ہے۔ بہر حال اگر فریش نوٹس دیا جائے تو اسٹیبلشمنٹ ڈویژن اسکا جواب دے سکتی ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ اگلا سوال نمبر ۱۹۲ سید محمد فضل آغا صاحب۔

192. *Syed Muhammad Fazal Agha (on his behalf): Will the Minister for Religious Affairs be pleased to state the number of persons employed in grade 16 below in the Ministry and its subordinate offices, attached departments and Corporations, since January, 1992, with province-wise break-up?

Maulana Abdus Sattar Khan Niazi:

S.No.	Name of the post	Province of Domicle	Number of Person
1.	Data Processing Assistant (BPS-16)	Sindh(Rural)	1
2.	Data Processing Assistant (BPS-16)	Northern Area	1
3.	Farash(BPS-1)	Punjab	1

Madam Deputy Chairman: Any supplementary?

(Pause)

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ No supplementary. اگلا سوال نمبر ۱۹۳ راجہ محمد افضل خان صاحب۔

193. *Raja Muhammad Afzal Khan (on his behalf): Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state:

(a) the total foreign exchange earned by the export of crude oil during the 1992, indicating also the name of those countries where the crude oil was exported;

(b) the name of countries with whom agreements have been made for the export of crude oil during the next year, indicating also the total quantity of crude oil proposed to be exported; and

(c) the reasons for not installing refineries to refine the crude oil in the country?

Ch. Nisar Ali Khan: (a)(i) $46.58 million.

(ii) India and China.

(b) (i) None.

(ii) 2.92 million barrels during 1993 through commercial contracts.

(c) Heavy investment. The feasibilities of establishing new refineries both in public sector and private sector are being considered.

Madam Deputy Chairman: Any Supplementary?

پروفیسر خورشید احمد۔ بہت چھوٹا سا سوال ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ پروفیسر خورشید صاحب، سپلیمنٹری۔

پروفیسر خورشید احمد۔ کیا وزیر محترم بتا سکیں گے کہ انڈیا اور چائنا ان دونوں کو کتنا کتنا crude oil گیا اور انڈیا کو جو گیا ہے اس کی خاص وجوہات کیا ہیں، اس لیے کہ انڈیا سے ہماری تجارت کے معاملات کشمیر کی کونسل کے context میں strain رہے ہیں اور کوشش کی گئی ہے کہ normalization جو ہے بہت زیادہ ہو تو ذرا گرز آسکے گی ان دونوں کی کہ انڈیا اور چائنا کی کیا پوزیشن ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ چوہدری نثار علی خان۔

چوہدری نثار علی خان۔ جی ہاں میرا خیال ہے کہ جواب میں واضح نہیں ہے یہ جو تیل

ایکسپورٹ ہوا ہے یہ پاکستان کی ملکیت نہیں ہے بلکہ یہ جو امریکی کمپنی ہے یونین ٹیکساس' یہ وہ اپنے حصے کا وہ تیل جو کہ پاکستان کے اندر ریفائن نہیں ہوسکتا وہ

under the agreement, they are free to export that oil. So, it is basically the property of the American Company Union Taxas of Pakistan. The Pakistan Government has got nothing to do with that oil.

یہ اس کے جو پیسے بھی آتے ہیں جو revenues آتے ہیں وہ بھی اس کمپنی کو آتے ہیں' اس لیے اس میں پاکستان کا کوئی عمل دخل نہیں ہے جو split ہے between China and India اسکی فگرز میرے پاس نہیں ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جناب پروفیسر خورشید صاحب' سپلیمنٹری جی۔

پروفیسر خورشید احمد۔ دوسرا سوال یہ ہے کہ کیا وزیر محترم اس بات کو محسوس نہیں کرتے کہ ریفائنری کا پاکستان میں ڈویلپمنٹ بے حد ضروری ہے اور 6th اور 7th دونوں پلانز کے اندر اس کے بارے میں پروویژنز آئی تھیں' محض ہیوی انویسٹمنٹ کہہ دینا تو میرے خیال سے کافی نہیں ہے' اس معاملے میں گورنمنٹ کو ذرا زیادہ کلیئر ہونا چاہئے پالیسیز اور priorities کے اعتبار سے کہ ریفائنری کی ڈویلپمنٹ کے بغیر آپ یہاں کبھی بھی یعنی آئل کے اندر پیٹرولیم کے اندر self sufficient نہیں ہوسکتے تو اس لیے آپ کی priority میں یہ کہاں آتا ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ چوہدری نثار علی خان صاحب جی۔

چوہدری نثار علی خان۔ جی میں بالکل اتفاق کرتا ہوں معزز سینیٹر سے اور اس سلسلے میں ہم نے کافی کام کیا ہے' یہ بات بالکل درست ہے کہ پچھلے تقریباً ۲۵ یا ۲۶ سالوں میں پاکستان میں کوئی نئی ریفائنری نہیں لگی اس وجہ سے موجودہ حکومت نے اس سلسلے میں کئی اقدامات کئے ہیں۔ ایک طرف تو ہم نے جو اپنی موجودہ ریفائنریز ہیں اس کی expansions کی ہیں پاکستان ریفائنری میں بھی اور اٹک ریفائنری میں بھی اور نئی ریفائنری کے سیٹ اپ کرنے کے سلسلے میں پروفیسر صاحب کو اور باقی حضرات کو یہ جان کر خوشی ہوگی کہ ہم نے ایران کے ساتھ ایک ایگریمنٹ سائن کیا ہے۔ اس وقت اس کی technical feasibility جاری ہے اور اس کے تحت بلوچستان' یا پورٹ قاسم کے ارد گرد ابھی یہ طے ہو رہا ہے کہ کونسی جگہ اس کے لئے مخصوص ہو مگر ایک لاکھ بیس ہزار بیرل یومیہ کی ریفائنری سیٹ اپ کرنے کا ایگریمنٹ ہو چکا ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ مجھے یقین ہے کہ آئندہ تین چار سالوں کے اندر اس پہ کام مکمل ہو جائے گا' اس کے ساتھ

ساتھ دو اور ریفائنریز پہ ہم اس وقت کام کر رہے ہیں ایک Mid Country Refinery جو کہ ملتان میں لگے گی جس کی capacity اس وقت جو طے ہو رہی ہے وہ تقریباً ۸۰ ہزار بیرل یومیہ ہوگی۔ اس میں پاکستان اور ابوظہبی پارٹنرز ہیں ۶۰ فیصد پاکستان اور ۴۰ فیصد ابوظہبی' یہ feasibility اس کی positive آچکی ہے ورلڈ بینک کی اور اس نے کافی اس سلسلے میں positive signals ہمیں دیئے ہیں اس پروجیکٹ کو فائنانس کرنے کے لئے' تیسرا پراجیکٹ جس پہ بڑی تیزی سے کام جاری ہے' discussions ہو رہی ہیں اور اس پہ جو initial activity ہے وہ جاری ہے وہ ہے ایک چھوٹی ریفائنری کی کراچی میں' پرائیویٹ سیکٹر میں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ شکریہ جناب' جناب اعجاز علی جتوئی صاحب' سپلیمنٹری۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی۔ وزیر موصوف بیان فرمائیں گے کہ یہ بدین میں بھی سروے ہوا تھا ریفائنری کے لیے' تو اس سلسلے میں وہ کیا ہوا وہ کیوں feasibility report اس کے خلاف آگئی' دوسرا سوال یہ ہے کہ percentage انہوں نے بتایا ہے کہ شائر ہے یونین ٹیکساس کا وہ تو کتنا percentage ہے شیئرز میں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جناب چوہدری نثار علی خان صاحب۔

چوہدری نثار علی خان۔ جہاں تک بدین میں ریفائنری کا تعلق ہے یہ درست ہے اس سلسلے میں مجھے یاد ہے کہ آج سے دو سال پہلے ہم نے bids invite کی تھیں اور اس کے نتیجے میں ۱۴ پارٹیز نے ہمیں اپنی اپنی رپورٹس دیں' اپنی bids دیں مگر بدقسمتی سے کوئی بھی bid responsive نہیں تھی۔ ہمیں جو بنیادی مسئلہ ہے وہ یہ ہے کہ یہ لوگ جو بھی پرائیویٹ سیکٹر میں تقریباً تیس ہزار بیرل یومیہ کی ریفائنری سیٹ اپ کرنا چاہتے ہیں وہ تقریباً سارے کے سارے اسے کراچی میں سیٹ اپ کرنا چاہتے ہیں۔ اور ہمارا نکتہ یہ ہے کہ اگر بدین میں سیٹ اپ کریں تو ہم اس سلسلے میں incentives دینا ہم نے ویسے بھی incentive دیں جو یہ تین ریفائنریز ہیں جن کی میں نے بات کی ہے پروفیسر صاحب کے سوال کے جواب میں۔ یہ ان پالیسیز کا نتیجہ ہے' ان incentives کا نتیجہ ہے جو کہ موجودہ حکومت نے دی ہے ہم نے جو custom duty slab ہے وہ نیچے لے گئے ہیں' ہم نے ان کو promise کیا ہے کہ ہم آپ کو Import Parity Prices دیں گے جب یہ ریفائنریز کام کرنا شروع ہو جائیں گی اور اس سلسلے میں ہم نے incentives دیے ہیں۔ بدین میں بھی ہم چونکہ یہ ایک ایسے ایریا میں ہو جو کہ رورل ایریا ہے ہم اور باقی علاقوں سے بڑھ کر incentives دینے کے لیئے تیار ہیں مگر اس کے لیئے شرط یہ ہے کہ وہ ریفائنری بدین میں ہی

قائم ہو۔ تو جیسا میں نے گزارش کی کہ اب تک اس میں کوئی response نہیں آیا۔ حکومت اس وقت بھی اس سلسلے میں positive ہے اگر کوئی پارٹی بدین کے اندر ریفائنری پرائیویٹ سیکٹر میں سیٹ اپ کرنے کے لیے تیار ہے تو حکومت ان کو تمام مراعات دے گی، دوسرے حصے کا ان کا جو سوال ہے کہ کیا شیئر ہے، اس میں یہ مکمل طور پر اس میں گورنمنٹ کا کوئی شیئر نہیں ہے یونین ٹیکساس کا یہ جو تیل ایکسپورٹ ہو رہا ہے، یہ تمام کی تمام ملکیت یونین ٹیکساس کی ہے and as per agreement یونین ٹیکساس اسے کہیں بھی بیچ سکتا ہے، جہاں اسے بہتر پرائس ملیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ شکریہ جناب، لاسٹ سپلیمنٹری، اعجاز جتوئی صاحب جی۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی۔ محترمہ یہ انہوں نے کہا ہے کہ bids دی گئیں اور اس میں کوئی پارٹی فارورڈ ہو کے نہیں آئی تو یہ ان حالات کی بات کر رہے ہیں جب اس وقت لاء اینڈ آرڈر کی situation خراب تھی، کیا یہ اس وقت فلور پر یہ assure کریں گے کہ دوبارہ bids کو کال کیا جائے بدین میں۔ نمبر ۲۔ second question is کہ یہ کہتے ہیں کہ ۱۰۰ فیصد پراپرٹی ہے جو وہ یونین ٹیکساس کی تو اس میں گورنمنٹ کا رول کیا ہے۔ وہ royalty ملتی ہے اس کو یا پھر یہ جو ۱۰۰ فیصد دیا گیا ہے ان کو share تو کیا یہ دوبارہ reconsider کریں گے، دوبارہ bidding کرائیں گے اس کی جو oil exploration ہوتی ہے۔

Madam Deputy Chairman: Ch. Nisar Ali Khan Sahib, this is the last supplementary.

چوہدری نثار علی خان۔ جی جیسے میں نے پہلے گزارش کی جی کہ بدین کا پراجیکٹ ہے ریفائنری کا اس سلسلے میں حکومت کسی بھی پارٹی کو جو یہاں اس سلسلے میں کوئی پراجیکٹ لے کر ہم اسے تمام مراعات دینے کے لئے بلکہ باقی جگہوں سے زیادہ مراعات دینے کے لئے تیار ہیں، اور یہ commitment ہے گورنمنٹ کی۔ جہاں تعلق ہے، نہیں میرا خیال ہے میں تھوڑا سا وضاحت نہیں کرسکا جی کہ یہ بل، یہ یونین ٹیکساس کا حصہ ہے یہ ۱۰۰ فیصد نہیں ہے جو پاکستان کا حصہ ہے جو حکومت پاکستان کا یا جو .O.G.D.C کا حصہ ہے وہ ہم یہاں ہی ریفائن کر لیتے ہیں یہ جو ان کا ۲۰ فیصد یا ۲۵ فیصد یا ۳۰ فیصد بنتا ہے اس ٹوٹل پروڈکشن میں یہ اور وہ یہاں ریفائن نہیں اس کا کچھ حصہ پاکستان میں بھی ریفائن ہوتا ہے، مگر جو ہم پاکستان کے اندر ریفائن نہیں کرسکتے یہ وہ باہر ایکسپورٹ کرتے ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ شکریہ جناب اگلا سوال نمبر ۱۹۴ راجہ محمد افضل خان صاحب۔

194 ***Raja Muhammad Afzal Khan** (on his behalf): Will the Minister for Water and Power be pleased to refer to Senate Starred Question No. 125, replied on January 5, 1993 and state the names, domicile, total length of service and present posting of these engineers working in power wing of WAPDA who are first class first (gold medalist) in B.Sc. (Engineering)?

Jam Muhammad Yousaf: A list showing names, domicile, total length of service and present posting of those engineers who are first class (gold medalist) in B.Sc. Engineering is at Annex "A".

Annexure-A

LIST SHOWING NAMES, DOMICILE, TOTAL LENGTH OF SERVICE AND PRESENT POSTING OF THOSE ENGINEERS WORKING IN POWER WING WHO ARE FIRST CLASS (GOLD MEDALIST) IN B.Sc. ENGINEERING.

S.No.	Name	Domicile	Date of Appointment	Place of Posting
1.	Mr. Bashir Ahmed	Punjab	26-08-1989	SDO,Jaranwala, AEB, Faisalabad.
2.	Mr. Muhammad Tauseef	Punjab	26-08-1989	SDO, GSC, G.C. Division, Lahore.
3.	Qazi Muhammad Tahir	NWFP	26-08-1989	SDO(E) Mansehra S/Divn. No.1, under AEB Peshawar.
4.	Mr. Ashok Kumar	Sindh(R)	23-10-1989	Resident Engineer (Th.) Power Station.Quetta presently on study leave to USA w.e.f. 6-8-1992

5.	Mr. Bashir Ahmed Babar	Sindh(R)	03-03-1990	JE under RE Unit 1-4 Jamshoro under Chief Engineer,Thermal, Jamshoro
6.	Mr. Muhammad Mustafa	NWFP	21-03-1990	Jr. Engineer, under CE(GSO) Islamabad
7.	Mr. Zaheer Ahmed	Sindh(R)	11-07-1990	SDO, 500KV T/L Divn. Guddu under Chief Engineer, GSO, Lahore.
8.	Miss Fehmeeda Siddiq	Punjab	01-09-1990	Jr. Engineer. CE (Design) T&G, WAPDA House, Lahore.
9.	Mr. Najeeb Nawaz	Sindh(R)	11-11-1990	Jr. Engineer, under CE, GSO, Hyderabad.
10.	Mr. Tanzil Rahim	Sindh(R)	12-11-1990	Jr. Engineer under CE(Thermal) Guddu.
11.	Mr. Muhammad Shahid	Punjab	24-12-1990	Jr. Engineer under RE, SPS. Faisalabad.
12.	Mr. Tufail Ahmed Sh.	Sind(R)	11-05-1992	WAPDA Engineering Academy, Faisalabad.
13.	Mr. Manzoor Ahmed	Sindh(R)	11-05-1992	Principal, WAPDA Academy, Tarbela.
14.	Mr. Ahmed Ali	Sindh(R)	11-05-1992	Principal, WAPDA Academy, Faisalabad.
15.	Mr. Fida Hussain	Sind(R)	11-05-1992	Principal, WAPDA Academy, Tarbela.
16.	Mr. Ali Nawaz	Sindh(R)	11-05-1992	Principal, WAPDA Academy, Faisalabad.
17.	Mr. Mehtab Ali Bangash	NWFP	11-05-1992	Principal, WAPDA Academy,

				Tarbela.
18.	Mr. Akhtar Ali	Punjab	11-05-1992	Principal, WAPDA Eng. Academy, Faisalabad.
19.	Mr. Nafees Saleem	Punjab	11-05-1992	Principal, WAPDA Academy, Tarbela.
20.	Mr. Riaz Inayat	Punjab	11-05-1992	Jr. Engineer under Principal, WAPDA Academy Tarbela.

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ سپلیمنٹری جناب اعجاز جتوئی صاحب۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی۔ ہاں جی یہ کہا ہے انہوں نے کہ کچھ واپڈا کے آفیسرز کو دیا گیا ہے ایکسٹینشن، کیا یہ ذرا وضاحت فرمائیں گے کہ کن آفیسرز کو کون سے criteria کے تحت اور ان کے ذرا نام بتا دیں تو مہربانی ہو گی۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جام محمد یوسف صاحب۔

Jam Muhammad Yousaf: Madam, the total 3 officers in the Ministry of Water and Power have been given extension in the service during the last two years. Their names are:-

Mr. Dawood Baig, Additional Secretary for Power;

Mr. Hafeez Ibrahim;

Mr. Abdul Rashid Kakar.

They are all in 21 grades and Mr. Nazim Hussain Siddiqui, General Manager, Thermal WAPDA in BPS-21 has been given extension from 1991 to 1992.

اس کا ابھی ریٹائرمنٹ ہو چکا ہے اور اس کو ایکسٹینشن نہیں دی گئی۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جناب اعجاز جتوئی صاحب سپلیمنٹری۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی۔ کیا وزیر موصوف صاحب یہ بیان فرمائیں گے کہ یہ جو ایکسٹینشنز دی گئی ہیں یہ کب دی گئی ہیں؟ پہلی بات تو یہ ہے۔ دوسری چیز یہ ہے کہ کیا جن کو ایکسٹینشنز دی گئی تھیں وہ اتنی ضروری تھیں، اتنی ناگزیر تھیں کہ کوئی اور آفیسر وہاں پہ نہیں آسکتا

تھا replace کرنے ان کو' یہ ذرا بتائیں گے کہ criterian کیا ہے اور کون سے رولز کے تحت ان کو یہ extensions دی گئی تھیں؛

میڈم ڈپٹی چیئرمین- جناب جام محمد یوسف صاحب آپ ذرا مائیک کے نزدیک بولیں-

Jam Muhammad Yousaf:- Sir, there was acute shortage of highly qulified and experienced engineers. Therefore, the Government has a policy to grant extension where services are technically--------

میڈم ڈپٹی چیئرمین- جی انہوں نے کہا ہے کہ کب دی گئیں ہیں؛

جام محمد یوسف- یہ ایک میں نے بتا دی ہے' یہ داؤد بیگ کا جو extension date ہے وہ date of extension, Managing Director, Distribution WAPDA Grade 21 سے 2-8-1992 اس کی 8-3-1993 سے extension دی گئی ہے- مینیجنگ ڈائریکٹر' عبدالرشید کاکڑ' اسے 7-5-1992 سے دی گئی ہے- مسٹر ناظم حسین ملک' یہ ریٹائرڈ ہو چکے ہیں- دو سال' دو دفعہ اسے ایکسٹینشن مل چکی تھی- یعنی third time نہیں دی گئی- مسٹر امین احمد خان'.(BPS-19) he is a Director Training WAPDA-

میڈم ڈپٹی چیئرمین- جناب اعجاز جتوئی صاحب- the last supplementary-

جناب اعجاز علی خان جتوئی- محترمہ میں جام صاحب کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں صرف یہ کہ جو انہوں نے posts mention کی ہیں' یہ کون سے technocrats کی posts ہیں' یہ technocrats کی posts نظر نہیں آتیں- ڈائریکٹر ٹریننگ اور اس طرح کے ۲۱ گریڈ کی جو posts mentioned کی ہیں- بہر حال میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا تھا کہ اس کو consider کریں اور جان چھڑائیں ان سے جو ریٹائرڈ ہونے والے ہیں تاکہ دوسرے لوگ آگے آئیں-

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل- پوائنٹ آف آرڈر-

میڈم ڈپٹی چیئرمین- پوائنٹ آف آرڈر' جی عبدالرحیم مندوخیل صاحب' کیا ہے؛

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل- جناب یہ ۱۹۴ جو ہے یہ تو وہ گولڈ میڈلسٹ انجینئرز کے بارے میں ہے- یہ تو ۱۹۷ کا جواب ہو رہا ہے- اورضمنی سوالات ہو رہے ہیں-

جام محمد یوسف- جس طرح کہ question جو raise کیا گیا تھا میں نے اس کے تحت answer دیا ہے-

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ انہوں نے تو سپلیمنٹری میں ریز کیا ہوا ہے ناں۔ اس کا جواب دے رہے ہیں۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل۔ سپلیمنٹری یہاں پر ۱۹۷ کے ہو رہے تھے' جوابات بھی ۱۹۷ کے ہو رہے ہیں۔ ۱۹۴ تو گولڈ میڈلسٹ انجینئیرز کی پوسٹنگ کے بارے میں تھا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ نہیں ابھی جو سپلیمنٹری کر رہے تھے اس کے مطابق وہ دے رہے ہیں۔ ابھی وہ سوال آگے بھی آرہا ہے' اس پر بھی آپ جواب سن لیں گے۔ جی اگلا سوال نمبر ۱۹۶ سید فصیح اقبال صاحب۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل۔ ۱۹۴ کب ہوا ہے؟

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ میں نے ۱۹۴ ہی تو کال کیا تھا آپ نے سنا نہیں ہے۔

جام محمد یوسف۔ ۱۹۴ کے annexure میں جو ہے وہ گولڈ میڈلسٹ کے بارے میں ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ اب آپ کریں ۱۹۶ سید فصیح اقبال صاحب۔

196 ***Syed Faseih Iqbal** (on his behalf): Will the Minister for Culture be pleased to state the name of those areas where excavation work has been carried out by the department of Archaeology in collaboration with foreign experts during the last five year indicating the province-wise break-up?

Sheikh Rashid Ahmad: The details of the foreign Archaeological Missions who worked in Pakistan during the last five years in collaboration with the Department of Archaeology, Government of Pakistan are as under:-

S.No.	Name of Foreign Mission	Areas of Excavation Works	Province
1.	French Archaeological Mission led by Dr. Jean Francois Jarrige, France.	Nausharo, Tehsil, Dhader, Distt. Kachi.	Baluchistan
2.	Italian Ecological & Archaeological Mission led by Prof. V.F. Piacentini Cathalic University of the Sacred	Turbat and Gwadar	Baluchistan

	Heart, Milance, Italy.		
3	Kyoto University Archaeological Mission led by Professor Koji Nishikawa, Japan.	Ranigat in Buner District.	Baluchistan
4.	Italian Archaeological Mission led by Dr. Domenico Faccenna, IsMEO, Rome, Italy.	Barikot, Udegram Sanghao, (Saidu Sharif), Wwat.	N.W.F.P.
5.	Pak-German Study Group led by Prof. Dr. Karl Jettmar, Germany.	Gilgit, Chilas, Baltistan, and Yasin Valley.	Northern Areas of Pakistan
6.	American Archaeological Mission led by Dr. G.F. Dales, University of California, Bakelly, California, U.S.A..	Harappa, Distt. Sahiwal.	Punjab
7.	British Archaeological Mission, led by Dr. F. R. Allchin, Cambridge, U.K.	Pabbi Hills (Gujrat Distt.) and Soan Valley near Rawat, Distt. Rawalpindi.	Punjab.
8.	French Archaeological Expendition led by Prof. Dr. Monique Kervrán, University of Paris, France.	Coastal Areas around Thatta.	Sindh

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جی سپلیمنٹری محمد ابراہیم صاحب۔

جناب محمد ابراہیم خان۔ کیا جناب منسٹر صاحب یہ بتا سکیں گے کہ اپنے ملک کے experts نے بھی کہیں excavation کی ہے گزشتہ پانچ سال میں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جناب شیخ رشید احمد صاحب آپ یا چوہدری اسدالرحمٰن صاحب آپ جواب دیں گے۔

چوہدری اسد الرحمٰن۔ جی on his behalf دوں گا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ اچھا چوہدری اسدالرحمٰن صاحب۔

چوہدری اسد الرحمٰن۔ یہ اس کے لئے تو فریش نوٹس دے دیں' یہ تو بڑا لمبا چوڑا جواب ہو گا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جناب منظور گچکی صاحب سپلیمنٹری۔

جناب منظور احمد گچکی۔ یہ جو کہہ رہے ہیں، میں یہ پوچھنا چاہوں گا کہ یہ تو اس سے تعلق ہے کہ جتنے excavations ہوتے ہیں اس میں simple سا سوال ہے کہ کیا کوئی پاکستانی کبھی اس میں گیا ہے، اس کا نام ہے؟ یہ تو ظاہر ہے کہ نہیں گئے ہیں۔ اگر نہیں گئے ہیں تو کیوں نہیں ان کو بھیجا گیا ہے؟

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جناب چوہدری اسد الرحمٰن صاحب۔

چوہدری اسد الرحمٰن ۔ محترمہ یہ ایک بالکل مختلف سوال ہے۔ یہ انہوں نے کہا ہے کہ کتنے Foreign Missions ، سوال یہ تھا کہ کتنے Foreign Missions پاکستان میں آنے اور انہوں نے excavations کی ہے اس کے متعلق سوال ہے۔ جو Foreign Mission آتے ہیں excavations کے لئے، ان کے متعلق یہ بتایا گیا ہے کہ پچھلے پانچ سال میں آٹھ آتے ہیں اور یہ پاکستان کی حکومت جس میں منسٹری آف کلچر شامل ہے، ان کی اجازت سے ان کے alliance سے آتے ہیں۔ اس کے لئے باقاعدہ ایک قانون ہے جس کے تحت یہ Foreign Missions کرتے ہیں۔ تو میں نے کہا کہ جو دوسرے ہیں، اس کے لئے تو الگ سوال کریں یہ فارن مشن کے متعلق سوال تھا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جناب محمد ابراہیم صاحب سپلیمنٹری۔

جناب محمد ابراہیم خان ۔ میرا سوال یہ تھا کہ یہاں Foreign Exerts, Archaeological Experts کی بات ہوتی ہے ملک میں excavation کے لئے، findings کے لئے۔ وہاں منسٹر صاحب کو یہ بھی تو پتہ ہونا چاہیئے کہ اپنے ملک کے experts کتنا کام کر رہے ہیں اس عظیم کام پر۔ میں تو یہ پوچھنا چاہتا ہوں اس کا جواب وہ نہیں دیتے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ چوہدری اسد الرحمٰن صاحب آپ کو کوئی idea نہیں ہے۔ اصل میں منسٹر اس کے ہیں نہیں۔ یہ on his behalf بول رہے ہیں تو اس لئے ان کو فریش نوٹس چاہیئے۔

چوہدری اسد الرحمٰن۔ میرے پاس فریش انفارمیشن نہیں ہے۔

جناب محمد ابراہیم خان۔ اگر نہیں ہیں تو وہ جواب کیوں دیتے ہیں۔ آرام سے بیٹھے رہیں۔

چوہدری اسد الرحمٰن۔ محترمہ پاکستان میں جو کچھ ہوا ہے اس کے متعلق تو یہ سوال ہی نہیں تھا، فارن مشن کے متعلق سوال تھا، اس کے متعلق آپ سوال پوچھیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ چوہدری صاحب ویسے یہ concerned ہے' آپ کو تھوڑا سا idea ہونا چاہیئے سپلیمنٹری میں اس سے concerned بڑے سپلمنٹریز پوچھے جاتے ہیں۔ تھوڑا سا idea ہونا چاہیئے۔ جناب محمد ابراہیم صاحب سپلمنٹری جی۔

جناب محمد ابراہیم خان۔ جناب والا' یہ بہت اہم موضوع ہے۔ ہمارے اثاثے ہیں' ہمارے relies ہیں' ہمارا پرانا کلچر ہے اس کے متعلق ہمیں پوچھنا ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ اب جی وہ فریش نوٹس چاہیئے۔ ان کے پاس کوئی idea نہیں ہے اور information تو فریش نوٹس میں ہی------ جی جناب اعجاز جتوئی صاحب Last Supplementary۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی۔ یا تو اس question کو پھر defer کردیں۔ یہ important question ہے۔ اس کو رکھیں۔ جب پتہ ہی نہیں ہے تو اس کے متعلق یہ information کیا دیں گے۔ یا وزیروں کو پابند کریں کہ وہ آیا کریں۔ آج تو ماشاء اللہ ٹیم ہے پوری۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ نہیں یہ question defer کردیتے ہیں for the next session. Next question No.197, Syed Faseih Iqbal Sahib

۔ پہلے ۱۹۴ ہوا تھا اب ۱۹۷ ہے۔

197 *Syed Faseih Iqbal (On his behalf): Will the Minister for Water and Power be pleased to state the number of officers in grade 17 and above given extension in their services in the Ministry of Water and Power and its attached departments during the last two years?

Jam Muhammad Yousaf: A total of 5 officers of Ministry of Water and Pow er and WAPDA have been given extensions in service during the last two years with the approval of the Prime Minister.

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ کوئی سپلیمنٹری نہیں۔ حافظ حسین احمد صاحب اگلا سوال نمبر ۱۹۸۔

198 *Hafiz Hussain Ahmed: Will the Minister for Housing and

Works be pleased to state further steps taken by the Government on Works Division letter No.F.1/13/91-EV., dated 20th July, 1992 indicating progress report on the resolution passed by the Senate on 10 November, 1991?

Makhdoom Muhammad Javed Hashmi: As stated in the letter adressed to the Senate Secretariat, referred to in the question, it was not found feasible to transfer the hiring allotment of government quarters/houses to the respective government departments.

However, in order to further simplify the allotment/assessment/hiring of houses by the Estate Office, the relevant rules/procedure are being simplified to eliminate difficulties to the government officials to the maximum possible extent. In this connection, the Standing Committee of the Senate have already approved the amendments in the draft Pakistan Allocation Rules, 1992 which are now pending consideration before the Standing Committee of the National Assembly. These will be notified as soon as possible.

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ سپلیمنٹری جی۔

حافظ حسین احمد۔ کیا وزیر موصوف صاحب بیان فرمائیں گے کہ سینٹ کی منظور کردہ قرارداد کی کیا حیثیت ہے ان کے نزدیک؟

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ مخدوم جاوید ہاشمی صاحب۔

مخدوم محمد جاوید ہاشمی۔ ہم بہت احترام کرتے ہیں جی اور بہت اہمیت ہے اس کی اور اسی سینٹ نے جو اپنی کمیٹی دی ہوئی ہے، سٹینڈنگ کمیٹی، اس کا بھی احترام کرتے ہیں اور پوری پارلیمنٹ کا جو سسٹم ہے اس کو یہ ٹکڑوں ٹکڑوں میں تقسیم کر کے بات نہ کریں۔ اس سوال کے جواب میں یہی ان کو عرض کیا گیا ہے کہ سینٹ کی سٹینڈنگ کمیٹی جو ہے، اس نے اپنی جو سفارشات دی ہیں اس کے بعد نیشنل اسمبلی کی سٹینڈنگ کمیٹی نے انہی سفارشات کو زیر غور انہوں نے رکھا ہوا ہے۔ پھر طریقہ کار یہ ہے کہ یہ کیبنٹ کے پاس جاتا ہے اور finally منظوری ہوتی ہے ان rules and regulations کی۔ صرف ان کو یہ میں گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ آیا ان کو

پتہ ہے کہ ریزولیوشن کے کیا معنی ہوتے ہیں اور وہ کس طریقے سے implement ہوتے ہیں' اس کے طریقہ کار کا پتہ اگر محترم ممبر کو ہو۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ آپ ان کے سوال کا جواب دیں ناں۔

مخدوم محمد جاوید ہاشمی۔ میں جواب وہی دے رہا ہوں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ آپ ان کو اس طرح چیلنج نہ کریں۔ آپ سوال کا جواب دیں۔

مخدوم محمد جاوید ہاشمی۔ جواب یہ ہے کہ ہمیں بڑا احترام ہے۔ سینٹ کے ریزولیوشن کا بڑا احترام ہے' مختصر جواب یہ ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جناب اعجاز جتوئی صاحب سپلیمنٹری۔

حافظ حسین احمد۔ میرا سپلیمنٹری سوال ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ ایک سیکنڈ جی وہ پوائنٹ آف آرڈر پر اٹھے ہیں۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی۔ میں صرف محترم جاوید ہاشمی صاحب سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ احترام تو کرتے ہیں لیکن بڑی بیگم والا احترام نہیں کریں ناں۔ کوئی اچھا بیان بھی دیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جناب حافظ حسین احمد صاحب سپلیمنٹری۔

حافظ حسین احمد۔ محترمہ میرا سوال یہ ہے کہ سینٹ کی منظور کردہ ۱۰ نومبر ۱۹۹۱ء کی قرارداد پر انہوں نے کیا عمل درآمد کیا ہے۔ وہ کہہ رہے ہیں کہ جناب سٹینڈنگ کمیٹی میں فیصلہ ہوا ہے۔ میں اس کی بات نہیں کر رہا ہوں۔ میرا سوال یہ ہے کہ ۱۰ نومبر ۱۹۹۱ء کو سینٹ نے جو قرارداد منظور کی اس پر عمل درآمد کس حد تک آپ نے کیا ہے؟

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جناب جاوید ہاشمی صاحب۔ اس پر کس حد تک عمل کر رہے ہیں آپ؟

مخدوم محمد جاوید ہاشمی۔ میں نے اسی لئے تھوڑا سا pre-empt کیا تھا کہ ان کا سوال جو تھا اس میں ملفوف سوال تھا جس کا جواب پھر لفافے میں بند کر کے ہی دیا جا سکتا تھا۔ گزارش یہ ہے کہ--------

حافظ حسین احمد۔ پوائنٹ آف آرڈر جی۔ میں احتجاج کرتا ہوں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جی حافظ حسین احمد صاحب۔

حافظ حسین احمد۔ یہ غلط بات ہے کہ وزیر صاحب کہہ رہے ہیں کون سا ایسا سوال تھا جو بتاتے ہوئے یہ شرماتے ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جاوید ہاشمی صاحب آپ specific question کا جواب دیں۔

مخدوم محمد جاوید ہاشمی۔ جی میں جواب دیتا ہوں۔ اس میں احتجاج کی تو میرے خیال میں ضرورت نہیں ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ مخدوم صاحب آپ جواب دیں۔

مخدوم محمد جاوید ہاشمی۔ جواب یہ ہے کہ اس ریزولیوشن کے بعد سٹینڈنگ کمیٹی جو ہے اس کے ریزولیوشن پر عمل درآمد کرنے کے لئے طریقہ کار ہوتا ہے۔ ان ریزولیوشن کا اپنا ایک احترام ہے اورحیثیت ہے پھر اس کےمطابق سٹینڈنگ کمیٹی کے نزدیک کیا ہے۔ سٹینڈنگ کمیٹی بھی سینٹ کی ہے۔ سینٹ نے اس کے رولز بنائے ہیں، اپنی سفارشات بھیجی ہیں۔ ان سفارشات کو اب دوبارہ سٹینڈنگ کمیٹی ایک قومی اسمبلی کی ہے اس کی بھی سفارشات آرہی ہیں اس لئے وہ ریزولیوشن جو ہے اسٹینڈنگ کمیٹی کے ذریعے proceed کررہا ہے اور اس میں جو بھی تاخیر یا اس میں جلدی ہوئی ہے وہ تو سینٹ کمیٹی نے بھی ابھی ایک مہینہ پہلے اپنی سفارشات مکمل کی ہیں انشاء اللہ اس پر عمل درآمد ہوگا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ حافظ حسین احمد آخری ضمنی سوال جی۔

حافظ حسین احمد۔ آپ جواب دیکھیں ناں خدا کے لئے یہ کیا کہہ رہے ہیں لفافے میں بند کریں یہ ایوان میں ان کو کہنا چاہئیے؟ دیکھئے انھوں نے جواب دیا ہے جو متعلقہ محکموں کو منتقل کرنا ان کی وزارت نے قابل عمل نہیں سمجھا ہے۔

مخدوم محمد جاوید ہاشمی۔ میرے خیال میں اگر یہ جواب پڑہیں تو ان کو سمجھ آجائے گی۔ معزرت چاہتا ہوں لیکن حقیقت یہی ہے اگر چہ تلخ حقیقت ہے۔ پڑھ لیں، جواب تفصیل سے لکھا ہوا ہے۔

حافظ حسین احمد۔ میرا تو میٹھا سوال ہے۔ میرا سوال یہ ہے کہ اس قرارداد کی کیا اہمیت ہے۔ کیا وزیر موصوف صاحب اس قرارداد پر عمل درآمد کی یقین دہانی کراتے ہیں یا نہیں؟

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جی ہاشمی صاحب آپ یقین دہانی کرانا چاہتے ہیں۔ اس پر عمل درآمد کرانے کی؟

مخدوم محمد جاوید ہاشمی۔ جی عمل درآمد کے نئے طریقہ کار اختیار کیا ہوا ہے یقین دہانی کا مسئلہ یہ ہے اور یہ سب چیزیں جو ہیں under process ہیں اور چل رہی ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ اگلا سوال جی ۱۹۹ ڈاکٹر محمد ریحان صاحب۔

199 *Dr. Muhammad Rehan: Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state whether it is a fact that the Ombudsman had directed to provide the natural Gas to Muslim Model Boarding School, Risalpur in August, 1992, if so, the action, if any, taken on the said direction?

Ch. Nisar Ali Khan: No.

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ ڈاکٹر محمد ریحان صاحب ضمنی سوال جی۔

ڈاکٹر محمد ریحان۔ جی نہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ اگلا سوال جی نمبر200 ' ڈاکٹر محمد ریحان صاحب۔

200 *Dr. Muhammad Rehan: Will the Minister for Enviornment and Urban Affairs be pleased to state the steps taken by the Government to prohibit the manufacture, sale and use of pressure horns in the country?

Mr. Anwar Saifullah Khan: The prohibition of the use of pressure horns falls within the jurisdiction of Provincial Governments. The Environment and Urban Affairs Division has requested the Provincial Governments to take effective steps to control noise pollution (which includes that from use of pressure horns) caused by motor vehicles. Standards for control of noise pollution have also been developed.

حافظ حسین احمد ۔ میں ویسے ہی کہہ رہا ہوں، آپ ذرا آرام سے Chair کو مخاطب کریں۔ میں گزارش کروں گا کہ اس سلسلے میں باقاعدہ لیبر یونین کا وفد پہنچا اور میں انہیں سعید قادر کے ہاں لے گیا ہوں۔ سعید قادر صاحب نے خود کہا کہ معاہدے کی خلاف ورزی ہوئی ہے اور کورٹ نے یہ فیصلہ نہیں دیا کہ آپ کا حق نہیں بنتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ Privatization Commission کا کام ہے کہ آپ کا حق لے کر دے دیں اور جنرل سعید قادر نے خود اپنے سیکرٹری کو بلایا اور ان کے جو قانونی مشیر ہیں ان کو بلایا۔ انہوں نے کہا کہ فوری طور پر آپ اس کیس کو لے جائیں۔ میں اس ایوان میں چیلنج کرتا ہوں اگر جنرل سعید قادر صاحب ہوں تو وہ اس بات کی تائید کریں گے، انہوں نے خود کہا ہے کہ معاہدہ ہوا ہے اور معاہدے کی خلاف ورزی کی گئی ہے اور صاحبزادہ محمد خان نے ہم سے جو معاہدہ کیا ہے یہ 15 افسروں کو انہیں نکالنے کا حق نہیں تھا۔ میں سرتاج عزیز صاحب کو چیلنج کرتا ہوں کہ وہ غلط بیانی سے کام لے رہے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ ان کے ساتھ معاہدہ ہوا ہے۔ اس معاہدے کی کاپی موجود ہے اور اس کے تحت جناب سعید قادر صاحب نے خود مجھے کہا۔ محترمہ، کل کے ریکارڈ کو آپ اٹھا کر دیکھیں۔ جب میں یہ پڑھنے لگا تھا تو جنرل سعید قادر نے مجھے کہا کہ ہم مزدوروں کے ساتھ ہیں، ان افسروں کے ساتھ ہیں، ان کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے، ان کا مسئلہ Privatization Commission خود کورٹ میں لے کر جا رہا ہے۔ اگر آپ ریکارڈ اٹھا کر دیکھیں کہ کل جنرل سعید قادر کے جملے موجود نہیں تھے تو آپ مجھے جو سزا دیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ سرتاج عزیز صاحب صرف اظہار ناراضگی اور تلخی سے بات کرکے یہ سوچتے ہیں کہ یہ غلط ہے میں اس کو ثابت کرنے کے لئے تیار ہوں کہ اس میں ان آفیسرز کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے اور میں اس سلسلے میں Privatization Commission کے چیئرمین کے پاس گیا ہوں اور طارق چوہدری صاحب بھی میرے ساتھ تھے۔ انہوں نے اس کا اعتراف کیا ہے کہ ان کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے۔ اور انہوں نے فوری طور پر سیکرٹری کو بلوایا اور کہا کہ اس کو ہم کورٹ میں

لے جانا چاہتے ہیں۔ کس طرح سرتاج عزیز صاحب کہہ رہے ہیں کہ یہ غلط ہے؟

جناب سرتاج عزیز۔ جناب یہ بات جو کہی گئی ہے اور میں نے جو وضاحت کی ہے انہوں نے سمجھنے کی کوشش نہیں کی ہے۔ وہ وضاحت یہ تھی کہ جو معاہدہ کیا گیا ہے' وہ یہ تھا کہ بارہ مہینے تک کوئی employee جو ہے وہ افسروں کے ساتھ نہیں تھا ورکرز کے ساتھ تھا۔ اس میں کسی کو برطرف نہیں کیا جائیگا' اس کے بعد اگر بارہ مہینوں کے بعد کوئی surplus staff کوئی ہو اگر اس کو دو سال تک ہم وظیفہ دیں گے اس سلسلے میں کوئی ایسی بات نہیں تھی کہ کوئی indiscipline ہو یا misconduct ہو اس کے خلاف management action نہیں لے سکتی۔ بنیادی بات یہ ہے کہ misconduct جو ہے وہ معاہدے میں شامل نہیں ہے۔ معاہدے میں نارمل جو چیز ہے وہ شامل ہے۔ اب آیا وہ misconduct ہے یا نہیں ہے' یہ نہ میرا کام ہے نہ حافظ صاحب کا کام ہے' نہ چیئرمین کا کام ہے' یہ کورٹ کا کام ہے۔ وہ اس میں گئے ہیں' وہ وہاں پر طے کرلیں گے کہ کیا ہوا ہے۔ تو اس میں معاہدے کی خلاف ورزی جو ہے اگر کسی نے نہیں کی وہ کورٹ میں جا چکے ہیں اور فیصلہ ہو جائے گا اور ہو گیا تو ان کو restore کر دیا جائے گا۔ اس میں Adjournment Motion کہاں سے بنتی ہے اور اس ہاؤس کی intervention کہاں سے بنتی ہے۔

حافظ حسین احمد۔ جناب جنرل سعید قادر صاحب خود کوئٹہ تشریف لے گئے تھے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ لیکن حافظ صاحب' اب سعید قادر صاحب بھی تو یہاں نہیں ہیں ناں۔

(مداخلت)

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ حافظ صاحب' جیسے سعید قادر صاحب نے آپ سے بات کی ہے وہ یہاں موجود نہیں ہیں Minister is responsible for this اس نے آپ کو پوری تفصیل دی ہے تو آپ کے پاس اس کا ریکارڈ بھی نہیں ہے۔ وہ انحراف تو نہیں کر رہے۔ کورٹ میں تو پہلے ہی کیس چل رہا ہے۔

حافظ حسین احمد۔ جناب کل کی کارروائی کا ریکارڈ آپ کے پاس ہے' آپ اسے منگوائیں۔ اگر اس میں جنرل سعید قادر کے یہ الفاظ نہ ہوں کہ جناب چلتن گھی مل کے جو حسین احمد کی تحریک التواء ہے ان کے ساتھ ہیں ہم' اور سعید قادر صاحب خود کوئٹہ تشریف لائے تھے۔ مزدوروں نے بھی حوالے کا کہا ہے اس مل کو' اور اسی قیمت پر ہم لینا چاہتے ہیں۔ اس کے بعد جو

آفیسرز تھے ان کے ساتھ میٹنگ ہوئی تو سعید قادر نے کہا کہ آپ مزدوروں کو سمجھائیں۔ آپ کا مسئلہ میری ذمہ داری پر ہے۔ یہ تمام باتیں ہوئی تھیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ عین موقع پر اس وقت چلتن گھی مل ان کے حوالے کردیا۔

+ (XXXXXXXXXXXXXXXXXX) اس کے بعد اب مزدور بیچارے دس دفعہ آتے ہیں جی یہاں پر اور پندرہ پندرہ دن وہ یہاں بیٹھے رہے 15 آفیسرز---------- + (XXXXXXX)

جناب سرتاج عزیز۔ جناب چیئرمین صاحب، سعید قادر صاحب کے الفاظ کل ہم سب نے سنے تھے۔ انہوں نے یہ بات کہی تھی کہ اس سلسلے میں کمیشن نے افسروں کی پوزیشن کو سپورٹ کیا تھا۔ اس کے باوجود کورٹ نے ان کے خلاف فیصلہ دیا۔ یعنی اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ کمیشن نے اپنا فرض پورا نہیں کیا۔ ہم تو گورنمنٹ کی طرف سے یہ بیان کر رہے ہیں کہ پاکستان کی اس میں جو مثال ہے، جس طریقے سے انہوں نے Privatization میں مزدوروں کے حق کو protect کیا ہے، ساری دنیا میں اس کو سپورٹ کیا جارہا ہے اور اس میں ہم نے تمام مزدوروں کے ساتھ معاہدہ کر کے ان کو Golden Shake Hand پورا کیا ہے تمام transfers peacefully کی ہیں اور کسی کیس میں ایسے نہیں ہوا اور اس کے باوجود یہ کہہ رہے ہیں کہ جی مزدوروں کا وہ ہوا ہے اور اس میں جو انہوں نے غلط بیانی کی کہ یہ 10 کروڑ کا جو یونٹ تھا 1 کروڑ میں بیچا گیا۔ ایک ذمہ دار سینیٹر کو اس قسم کا غلط بیان دینا چاہیئے کہاں سے انہوں نے اعداد وہ شمار لئے ہیں---

حافظ حسین احمد۔ محترمہ آپ کوئٹہ میں رہتی ہیں، جس ایریا میں وہ واقع ہے 4 کروڑ کی تو وہ زمین ہے، سریکی روڈ پر جی یعنی کل سعید قادر صاحب نے کہا ہے کہ Privatization Commission خود اس کیس کو کورٹ میں لے جارہی ہے۔ اب یہ تضاد ہے جی۔

میاں عالم علی لالیکا ۔ میں تائید کرتا ہوں جناب کہ سعید قادر صاحب نے کہا تھا۔

(مداخلت)

حافظ حسین احمد۔ یہ باقاعدہ ریکارڈ اٹھا کر دیکھیں یہ تحریک استحقاق بنتا ہے جی ہمارا۔

(مداخلت)

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جناب اعجاز جتوئی صاحب۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی۔جناب چیئرمین، محترم سینیٹر نے صحیح اعداد و شمار دینے

(X بحکم چیئرمین صاحب، حذف کی گئی)

ہیں لیکن جو وہاں سے منسٹر صاحب نے کہا ہے میں سمجھتا ہوں ہمارا یہ Privilege Motion بنتا ہے اور سارے ہاؤس کا Breach of Privilege کر رہے ہیں اور ہم یہ لائیں گے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین ۔ تشریف رکھیئے جی ۔ اب جناب متعلق منسٹر نے متعلق allegations کو deny کیا ہے اور انتہائی انتظامی نوعیت کا معاملہ ہے اس لئے میں اس موشن کو out of order declare کرتی ہوں۔

(مداخلت)

حافظ حسین احمد ۔ محترمہ میں اس مسئلے پر واک آؤٹ کرتا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ ایوان میں ہمارے صوبے کے حقوق کو پامال کیا جا رہا ہے اور غلط بیانی سے کام لیا گیا ہے۔ مجھے احترام ہے Chair کے فیصلے کا، لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہاں انتہائی غلط بیانی سے کام لیا گیا اور میں اسے چیلنج کرتا ہوں۔ کل اس ایوان میں جنرل سعید قادر نے جو بیان دیا ہے اس کے بالکل خلاف سرتاج عزیز صاحب بیان دے رہے ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین ۔حافظ صاحب آپ اس کو دوبارہ لاسکتے ہیں۔ سعید قادر صاحب سب ہوں گے۔

(اس مرحلہ پر حافظ صاحب واک آؤٹ کر گئے)

میڈم ڈپٹی چیئرمین ۔ابھی بھی آپ کی ہے اگر آپ واک آؤٹ کریں گے تو وہ بھی گئی-------- ان کو منا کر لائیں جی۔ لائیں جی حافظ صاحب کو۔

میاں عالم علی لالیکا۔ محترمہ میں گزارش کرتا ہوں کہ معزز ممبر اور محترم وزیر کے درمیان اختلاف ہے جبکہ سیشن کا ریکارڈ ٹیپ ریکارڈر پہ محفوظ ہوتا ہے تو وہ بھی چیلنج کررہے ہیں اور وہ بھی چیلنج کر رہے ہیں۔ یہاں کوئی کشتی کا میدان نہیں ہے۔ وہ چلا کر دیکھ لیں، سچ جھوٹ سامنے آجائے گا۔

(interruption)

میڈم ڈپٹی چیئرمین ۔ آپ سب تشریف رکھیئے جی۔ تشریف رکھیئے جی-----جی حافظ صاحب 57 نمبر۔

iii) RE: ALLEGED SALE OF WAPDA BEARER BONDS OF DIFFERENT TERMS

حافظ حسین احمد ۔ میں تحریک کرتا ہوں کہ درج ذیل اہم قومی مسئلے کو زیر بحث لایا جائے۔ روزنامہ جنگ راولپنڈی 10 جنوری کے مطابق سٹیٹ بنک و وفاقی سرمایہ کاری بانڈز کی فروخت کا دوبارہ جائزہ لے رہی ہے۔ یہ بانڈز تین ، پانچ اور دس سال کی مدت کے ہوں گے اور ان پر بالترتیب13 ، 14 اور 15 فیصد کے حساب سے منافع دیا جائے گا۔ ان کی زیادہ سے زیادہ حد 15 ارب ہوگی۔ بانڈز پر پابندی کے بعد اس کا دوبارہ اجراء انتہائی غلط اقدام ہے اس لئے جاری کارروائی روک کر بحث کی جائے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جناب سرتاج عزیز صاحب آپ اس کی مخالفت کرتے ہیں؟

جناب سرتاج عزیز۔ جی ہاں مخالفت کرتا ہوں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جی حافظ صاحب مختصراً فرمائیں۔

حافظ حسین احمد ۔ محترمہ! اگرچہ یہ تحریک التواء اخباری خبر پر ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ان کی تردید نہیں آئی ہے۔ اس سے پہلے بھی مختلف حیلوں حوالوں سے واپڈا کے اور دوسرے ناموں سے بانڈز نکالے گئے تھے۔ سب سے اہم سوال یہ ہے کہ اگر واقعی اس کے بغیر حکومت نہیں چلائی جاسکتی اور صنعتیں فروخت کرنے کے بعد بھی آپ کے پاس رقم نہیں آتی اور اس طریقے سے مختلف حیلوں بہانوں سے لوگوں کے پیسے آپ لے کر استعمال کرتے ہیں تو میرا سوال یہ تھا کہ اگر یہ بات ہے تو اس سے پہلے جو بانڈز تھے انہیں کیوں ختم کیا گیا؟ اور دوسری بات یہ ہے کہ یہاں پر کہا گیا ہے منافع دیا جائے گا 15 فیصد، یہ غلط ہے بلکہ یہ سود ہے اور اسلامی جمہوری اتحاد نے جس منشور کی بنیاد پر اسلام کے نام پر ووٹ حاصل کیا ہے قانون کے تحت یہ سود لینا اور دینا حرام ہے۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ اس کی ضرورت کیوں پیش آئی کہ آپ لوگوں کی جیبوں میں سے 5 ارب روپے لے کر اپنی حکومت کے کاموں میں صرف کرتے ہیں۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ انتہائی اہم مسئلہ ہے اور اس کے مختلف پہلو ہیں۔ اس سے پہلے کہ ہمارے ملک میں جتنے بھی اسکینڈل آئے، ان کا اسی طرح تھا۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ اسے منظور کیا جائے تاکہ یہ ایوان اس پر مکمل طور پر بحث کرسکے اور یہ طے ہو کہ یہ بانڈز کیوں پہلے جاری کئے گئے تھے اس کے بعد انہیں بند کیوں کیا گیا اور اگر بند کیا گیا تھا تو دوبارہ اس کی ضرورت کیوں پیش آئی۔

تیسری بات یہ ہے کہ جو سود 15 فیصد دیتے ہیں وہ اسلام کے نقطہ نگاہ سے اور پاکستان

کے آئین کے مطابق جو ہے وہ حرام ہے۔ اس کے مطابق وہ جواب دیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جناب سرتاج عزیز صاحب۔

جناب سرتاج عزیز۔ جناب جیسے میں نے پہلے گزارش کی تھی ' حافظ صاحب نے یہ زحمت گوارہ نہیں کی کہ معلوم کریں کہ یہ بانڈز کون سے ہیں اور Federal Investment Bonds اور Foreign Exchange Bearers Bonds اور Dollar Bearers Bonds میں کیا فرق ہے۔ جن بانڈز پر یہ پابندی کا ذکر کر رہے ہیں وہ Dollar Denominated Foreign Exchange Bonds تھے اور یہ جو Federal Investment Bonds ہیں یہ کافی عرصے سے ' سب سے پہلے یکم اپریل 1991ء سے شروع ہونے تھے اور ان پر کوئی پابندی نہیں ہے اور یہ اس کے بعد ہر quarterly کئی دفعہ آکشن ہو چکے ہیں۔ تو ان کا یہ جو statement ہے کہ بانڈز پر پابندی کے بعد یہ کسی اور بانڈز کی طرف اشارہ ہے اور جن بانڈز کے متعلق خبر ہے وہ اور بانڈز ہیں۔ تو وہ factually ان کی پوزیشن جو ہے وہ صحیح نہیں ہے۔ اس کے علاوہ چونکہ یہ recent occurence بھی نہیں ہے۔ اس طرح کے بانڈز جو ہیں وہ ہر پانچ دس سال پر تیسرے مہینے ہم float کرتے ہیں اور دنیا میں کوئی حکومت نہیں ہے جو بانڈز کے ذریعے resources mobilize نہ کرے۔ یہ ایک short term جو مارکیٹ میں surplus funds ہوتے ہیں وہ generate لینے جاتے ہیں۔ کسی سیونگ سکیم میں ہوتے ہیں۔ اس میں کوئی ایسی بات نہیں ہے کہ جو پالیسی کے لحاظ سے قابل اعتراض ہو یہ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ Adjournment Motion جو ہے غلط فہمی پر مبنی ہے اور جو Foreign Exchange Bearers Bonds تھے وہ بھی جاری ہیں لیکن دوسرے ملکوں میں ' ہم نے اس کا اجراء جو ہے وہ فی الحال روکا ہوا ہے۔ کیونکہ وہاں سے اجازت وغیرہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ لیکن یہ جو بانڈز جن کا اس اخبار میں ذکر ہے ' یہ Local Federal Investment Bonds ہیں۔ جو ہر quarterly issue ہوتے ہیں اور جو surplus پیسہ بینکوں کے پاس یا دوسرے اداروں کے پاس ہوتا ہے یہ اس میں invest کرتے ہیں کیونکہ ہر بینک کو ایک minimum amount جو ہے وہ گورنمنٹ کے پاس رکھنا پڑتی ہے۔ یہ اس کا ایک ذریعہ ہے۔ یہ ایک Normal Financial System ہے۔ اس کے مطابق یہ کام جو ہے مستقل جاری ہے۔ کوئی recent occurence کا واقعہ نہیں ہوا۔ کوئی اس میں۔ اس میں ban ابھی تک کوئی نہیں لگا۔ اس لئے Adjournment Motion کا کوئی جواز نہیں ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جناب حافظ حسین احمد صاحب ' کیا یہ پریس نہیں کرتے۔

حافظ حسین احمد۔ جی۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین ۔ Not pressed ۔ جی ٹائم ختم ہوگیا جی Adjournment Motion کا .....The next is.

جناب میر تاج عزیز۔ وہ میر قادر صاحب کا بیان پڑھ کر سنا دیں جی۔ کون صحیح تھا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جناب پروفیسر خورشید صاحب on Point of Order جی۔

پروفیسر خورشید احمد ۔ کل دراصل یہ طے ہوا تھا۔ ہم دراصل دو دن سے یہ جو امریکہ نے پاکستان کو terrorist state کے بارے میں State Department کا بیان آیا ہے ۔ یہ بڑا اہم issue ہے۔ اس کو دو دن سے delay کیا جا رہا ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین ۔ جی وہ تو میں نے یہ کہا تھا لیکن جو فارن منسٹر ..... اور کوئی منسٹر تیار نہیں جواب دینے کے لئے۔

پروفیسر خورشید احمد ۔ لیکن سوال یہ ہے کہ فارن منسٹر اگر نہ آئے تو اس کے معنیٰ یہ ہیں کہ ہم hostage ہیں ان کے ہمیشہ کے لئے۔ ٹھیک ہے وہ ایک اہم کام میں مصروف ہیں۔ لیکن وہ خود آئیں۔ ورنہ کسی کو نمائندہ بنائیں اپنا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین ۔ نہیں یہاں پہ کوئی اور منسٹر بھی یہ responsibility نہیں لے رہا۔ میں نے تو announce کردیا تھا۔

پروفیسر خورشید احمد ۔ سوال یہ کہ دیکھئے اس معاملے میں جو قاعدہ رہا ہے وہ یہ ہے کہ فارن آفس ایک جواب ڈرافٹ کرتا ہے۔ جسے منسٹر پڑھ کے سناتا ہے۔ اگر وہ خود نہیں آسکتے ہیں تو ان کے behalf پر Senior Minister یہاں موجود ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین ۔ یہی جی میں نے سارے منسٹروں سے کہا کہ اس کو کون handle کر رہا ہے۔ کوئی تیار نہیں کہ منسٹر صاحب------

پروفیسر خورشید احمد ۔یہ تو ایک عجیب situation ہے۔ یعنی اس کو پارلیمنٹ میں------

میڈم ڈپٹی چیئرمین ۔ آپ نوٹس revive کردیں اور کیا ہوسکتا ہے کیونکہ یہاں میں نے request کی تھی کہ کون اس کو handle کرے گا۔

پروفیسر خورشید احمد ۔ دیکھیں ناں آج ہاؤس prorogue ہو رہا ہے۔ اس لئے میں چاہوں گا پھر کہ ہماری یہ جو Adjournment Motion ہے یہ alive رہے۔ اس کو دوبارہ نوٹس کی

ضرورت نہ ہو۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔دیکھیں اب آپ revive کریں گے تو alive رہے گا۔

پروفیسر خورشید احمد ۔ revive نہیں ہوتی اس طرح جی Adjournment Motion نہیں ہوتی اس لئے کہ اس کو آپ کو first opportunity میں raise کرنا ہوتا ہے' time lapse جو ہے اس کی بنا پر Adjournment Motion--------

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔نوٹس lapse ہوجاتا ہے۔ اس کے لئے آپ کو دوبارہ sign کرنا ہوگا۔

پروفیسر خورشید احمد۔دیکھیئے دو الگ الگ چیزیں ہیں پہلی چیز ہے یہ questions--- ------question میں ہم دوبارہ sign کرکے بھیج سکتے ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔جی جی۔

پروفیسر خورشید احمد ۔ Privilege Motion اسے ہم بھیج سکتے ہیں۔ لیکن Adjournment Motion کے لئے condition یہ ہے کہ'

It should be raised at the first available opportunity.

اور ٹائم lapse اگر ہوجاتا ہے تو صرف اس بنیاد پر وہ infructuous ہوجاتی ہے۔ تو یہ اس سے پہلے بھی یہ ہوا جب ایسی situation بنی تو پھر چیئرمین نے ان Adjournment Motions کو alive رکھا ہے تاکہ fresh notice کے بغیر it would be entertained in the next session.

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ پروفیسر صاحب یہ کرسکتے ہیں لیکن اب تو ٹائم ہی ختم ہوگیا ہے۔

پروفیسر خورشید احمد۔ یا اسے admit کرلیجئے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔اسے آپ move کردیں' اس کو ہم علیحدہ لے لیں گے۔

پروفیسر خورشید احمد ۔میں اسے move کردیتا ہوں اور آپ اس پر discussion pending کردیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔پھر آپ اسے move کردیں تاکہ پھر اسے alive رکھا جاسکے۔

پروفیسر خورشید احمد ۔میں اسے move کردیتا ہوں اور اس پر آپ discussion pending رکھ لیں۔ اس طرح یہ move ہوجائے گی' یہ agenda کا حصہ بن جائے گی۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ ٹھیک ہے ی۔ نمبر 38۔

iv) RE: STATEMENT ABOUT DECLARING PAKISTAN AS A TERRORIST STATE

پروفیسر خورشید احمد۔ بسم اللہ الرحمان الرحیم:

It has been reported in the daily 'The News' of todate (10-1-1993) that the U.S. State Department has isued a statement answering a question during a briefing about Pakistan's designation as a 'terrorist state' under section 6(j) of the Export Administration Act. The statement says -

"While we are concerned about continuing reports of Pakistan support for Kashmiris and Sikh militants who commit terrorist acts in India, the Secretary determined that the available information did not warrant a finding that Pakistan has repeatedly provided support for acts of international terrorism."

This statement equates the status of the National Liberation Movement in Kashmir with the Sikhs militants of Indian Punjab. Undoubtedly Kashmir remains a disputed territory and the Government of United States has again and again, including the recent statement by its Ambassador in Pakistan, always held that Kashmir is a disputed territory to be resolved between India and Pakistan according to the UN Resolutions and Simla Agreement.

The effort to equate Kashmir and Punjab situation in this statement of the State Department falsify of Pakistan and, if it represents a departure in the U.S. policy, it would have serious consequences for the geo-politic situation in the sub-continent.

This is a matter of urgent national concern and is also of recent occurrence. I, therefore beg to move that the normal business of the House be suspended to discuss this issue.

اب اسے آپ on agenda لے لیں اور اس پر بحث ہو ہے اور گورنمنٹ کی response جو ہے وہ اگلے سیشن پر لے لیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ اشتیاق اظہر صاحب' یہی آپ کی ہے' اسے بھی move کریں۔

سید اشتیاق اظہر۔ میں اس ایوان کی توجہ اخبار نیوز مورخہ 27 دسمبر 1992ء کی اس خبر کے تراشے کی جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں جس کےمطابق پاکستان کو ایک دہشت پسند ملک قرار دیا جا رہا ہے۔ جناب چیئرمین یہ ایک ایسا فوری اور اہم نوعیت کا مسئلہ ہے کہ اگر واقعی اس ناپاک سازش کو عملی جامہ پہنا دیا گیا تو اس کے وہ منفی اثرات سارے ملک پر مرتب ہو جائیں گے کہ جس کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا اور یہ ملک کی سالمیت' ترقی اور استحکام کے منافی ہو گا۔

میں جناب چیئرمین' آپ سے درخواست کروں گا کہ اس فوری اور اہم نوعیت کے مسئلہ پر ایوان کی کارروائی فوری طور پر روک کر بحث کرنے کی اجازت دی جائے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ شکریہ۔ حافظ حسین احمد صاحب پوائنٹ آف آرڈر پر۔

حافظ حسین احمد۔ محترمہ' ہماری دو تحاریک ہیں' ایک تو سید غوث علی شاہ صاحب سے متعلق ہے اور دوسری-----

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔اب تو ٹائم ختم ہو چکا ہے۔

حافظ حسین احمد۔اگر میں یہ پڑھ دوں------

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔نہیں جی' اب تو ٹائم ختم ہوگیا ہے۔ آپ اسے اگلی دفعہ پر پیش کردیں۔ جہاں تک ان کی تحریک کا تعلق ہےوہ تو ایجنڈے پر آئی ہوئی تھی۔ ورنہ مجھے تو آپ کی تحریک پر کوئی اعتراض نہیں۔ میں نے پہلے بھی آپ کو 41 نمبر پیش کرنے کی اجازت دے دی تھی۔ جناب منظور گچکی صاحب اب تحاریک التواء پیش کرنے کا وقت ختم ہو گیا ہے۔

جناب منظور احمد گچکی۔ محترمہ' under Rule 63-67 ' اگر ہاؤس میں کوئی Privilege Breach ہو' تو یہ ہاؤس کے ممبران کا استحقاق بنتا ہے--- یہ کہ کچھ اراکین تو move کریں اور کچھ کو نہ کرنے دیا جائے۔ ہم نے آپ کو ایک تحریک استحقاق دی ہے کہ چلتن گھی مل کے معاملے میں کہ حافظ حسین احمد کی تحریک التواء پر----

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جی' مجھے مل چکا ہے۔ لیکن گچکی صاحب' میری بات سنیں۔

جناب منظور احمد گچکی۔ حافظ حسین احمد کی تحریک التواء پر وزیر خزانہ نے غلط بیانی سے کام لیا ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ آپ میری بات سنیں' آپ بات تو سن نہیں رہے ہیں۔ اب آپ جو استحقاق مجروح کر رہے ہیں... میں آپ سے بات کر رہی ہوں۔ آپ نے یہ دے دیا ہے اور میں یہ دیکھ رہی ہوں۔ میں اس سے انکار نہیں کر رہی ہوں۔ صرف یہ کہہ رہی ہوں کہ تحاریک التواء کا وقت ختم ہو گیا ہے۔

جناب منظور احمد گچکی۔یہ تحریک التواءنہیں ہے یہ Privilege Motion ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ Privilege Motion کا بھی وقت ختم ہو گیا ہے۔

جناب منظور احمد گچکی۔جی قواعد کے تحت ہم یہ پیش کر سکتے ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔میں صرف اسے examine کرنا چاہتی ہوں اور میں نے کل کے اجلاس کی ساری رپورٹ بھی منگوائی ہے۔

جناب منظور احمد گچکی۔ کب examine کریں گے' ہاؤس کا وقت تو ختم ہو رہا ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ ابھی تو ویسے بھی پیش نہیں ہوسکتا ہے۔ جی' آج تو نہیں ہو سکتا ہے۔

جناب منظور احمد گچکی۔یہ قواعد کے تحت ہے' یا تو پھر آپ کہہ دیں کہ رولز غلط ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔منظور صاحب' اسے examine بھی کرنا ہے' جنرل سعید قادر صاحب کی statement جو ہے' اس کو لگایا ہوا ہے۔ جو statement وغیرہ ہے' اس کو بھی ہم نے examine کرنا ہے۔ اب ذرا اتنا تو دیکھیں اس spot پر تو نہیں ہوسکتا۔ اسے examine کرنا ہے اور سعید قادر صاحب کی statement بھی دیکھنی ہے۔

خواجہ محمد آصف۔ محترمہ چیئرمین صاحبہ' ہاؤس میں اور بھی بزنس ہے' یہی ایک business تو نہیں رہ گیا ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔سرتاج عزیز صاحب' آپ کیا کہنا چاہتے ہیں۔

جناب سرتاج عزیز۔ میں یہ کہہ رہا تھا کہ آپ وہ statement سعید قادر صاحب کو دکھا دیں تو معلوم ہو جائے گا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ وہ مجھے دیکھنے تو دیں۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی۔ اور اگر میرا بیان صحیح تھا تو پھر House اس کا نوٹس notice لے کر پھر جس ممبر نے accuse کیا ہے اس کا بھی----

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ نہیں جی مجھے examine کرنے دیں۔ جتوئی صاحب please آپ تشریف رکھیں۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ صرف Privilege Motion پڑھنے دیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ آپ ذرا ٹھہریں۔ مجھے پوری statement وغیرہ دیکھنے دیں۔ اعجاز علی جتوئی صاحب جی یہ اگلی Item No.3 خواجہ آصف۔ یہ discussion تو ان کی ہو چکی۔ منسٹر صاحب کون تھے؟ رانا نذیر احمد صاحب۔ یہ Item No 3 پر discussion ختم ہو چکی ہے اب آپ کی Minister for Population کی Statement۔ جناب خواجہ آصف صاحب جی۔

FURTHER DISCUSSION ON THE ADJOURMENT MOTION

RE: INCREASE IN POPULATION

خواجہ محمد آصف۔ میں mover ہوں جی اس Resolution کا تو مختصراً دو چار باتیں conclusion پر کہنا چاہوں گا۔ چند ماہ پہلے یہ resolution میں نے House میں move کیا تھا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ آپ اس پر debate تو کر چکے ہیں۔

خواجہ محمد آصف۔ میں نے move کرتے وقت کی تھی۔ میں ایک conclusion پر چند باتیں کہنا چاہوں گا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ conclusion پہ آپ کیسے کرسکتے ہیں خواجہ آصف صاحب آپ تشریف رکھیں۔ You can't be وہ منسٹر صاحب کو آپ کرنے دیں اور کوئی بولنا چاہے تو اس پر آپ تشریف رکھیں۔ رانا نذیر صاحب جی۔

رانا نذیر احمد خان۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ محترمہ چیئرمین صاحبہ میرا خیال ہے کہ ایک بجے یہ session ختم ہوجانا ہے اورجو مجھے sum up کرنا ہے اس میں مجھے زیادہ وقت کی

ضرورت ہے۔ میری گزارش ہے کہ اذان کے بعد۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب منظور احمد گچکی۔ یہ تو House چھوڑ کر نکل گئے۔ آپ نے اسکو موقع دے دیا کہ وہ نکل جائیں جی۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی۔ وزیر صاحب ویسے ہی دو گھنٹے لگائیں گے اس کے wind up میں تو ہم بیٹھے ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ میں نے tape اور record سارا منگوانا ہے۔ مجھے پتہ ہے کہ کیا ہونا ہے۔ میں آپ سے زیادہ concerned ہوں اس معاملےمیں، آپ سے زیادہ میں concerned ہوں اپنے صوبے کے ساتھ اس لئے آپ ذرا بیٹھیں۔ میں نے ذرا record چیک کرنا ہے۔ میں نے tape اور سب کچھ منگوانا ہے۔

رانا نذیر احمد خان۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم: میں سب سے پہلے اس ایوان کا اور بالخصوص جناب خواجہ آصف صاحب کا بڑا مشکور ہوں کہ انہوں نے اتنے اہم قومی مسئلے کی طرف توجہ دلائی اور اس ایوان کا شکرگزار ہوں کہ اس ایوان کے معزز اراکین نے اس اہم قومی مسئلے کوجو اس وقت ہمارے لئے سب سے اہم ہے، اس پر اپنا اظہار خیال فرمایا۔ میں ان ممبران کا بہت مشکور ہوں کہ جنہوں نے اس قومی پروگرام کی support فرمائی اور ان کا بھی مشکور ہوں جنہوں نے اس میں ہماری کوتاہیوں کی تلخ نشاندہی فرمائی اوران کا بھی ممنون ہوں کہ جنہوں نے اس کی مخالفت میں بھی اپنا اظہار خیال کیا۔ میں جناب فصیح اقبال صاحب اور بہرہ ورسعید صاحب، سید مزمل شاہ صاحب اور جناب سید اقبال حیدر صاحب اور ان کے ساتھ جناب عبداللہ صاحب کا مشکور ہوں کہ انہوں نے اس قومی پروگرام کی حمایت اور تائید فرمائی اور میں ان ممبران کا بھی مشکور ہوں جو کہ ڈاکٹر ریحان صاحب ہیں اور جناب پروفیسر خورشید صاحب اورجناب حافظ حسین احمد صاحب جنہوں نے اس پر تنقید فرمائی۔

آج ہمارے لئے سب سے اہم مسئلہ اس ملک کی تیزی سے بڑھتی ہوئی شرح اضافہ آبادی ہے جو کہ ہمارے لئے آج سب سے بڑا challenge ہے اور یہ Parliament جو کہ پاکستان کے عوام کی سوچوں کی عکاس ہے، پاکستان کے مسائل حل کرنے کے لئے سب سے بڑی ذمہ داری اسParliament پر ہے اوراس اہم قومی مسئلے پر جس انداز سے بحث ہوئی ہے میں ان سب کا شکر گزار ہوں یہ اہم مسئلہ ہمارے لئے اس لئے ہے کہ پاکستان کی آبادی دنیا کے تمام ملکوں میں کہ جن کی آبادی کا حجم پاکستان کے برابر

ہے سب سے زیادہ شرح اضافہ آبادی پاکستان کا ہے۔ پاکستان وہ ملک ہے کہ جس کی آبادی میں شرح اضافہ جو ہے وہ اس Asia Pacific میں سب سے زیادہ ہے۔ پاکستان وہ ملک ہے' یہ جو مغربی پاکستان جس کی آبادی کو اگر 1950ء میں دیکھا جائے' جو کہ اس وقت ہمارا پاکستان ہے' تو اس وقت ہم 3 کروڑ 34 لاکھ تھے اور اس طرح دنیا کا آبادی کے لحاظ سے 14 واں ملک تھے اور آج ہم نے آبادی میں اس قدر تیزی سے اضافہ کیا ہے کہ اس وقت ہم دنیا کا آٹھواں آبادی کے لحاظ سے ملک ہیں۔ 1950ء میں یا 1965ء میں ہم Human Development Index کے لحاظ سے 60 سے 70 کے درمیان آگئے تھے اور اس وقت ہم 120 واں ملک ہیں۔ Human Development Index کے لحاظ سے۔ پاکستان کی اس وقت GDP 64 ہے جو کہ دنیا کا پانچواں ملک ہے اور پانچویں نمبر پر آیا ہے لیکن ہم نے جو سہولتیں اور آسائشیں مہیا کی ہوئی ہیں اپنی عوام کو اور جو روزگار میسر ہے وہ دنیا کے 120 ویں ملک پر آتے ہیں۔ یعنی 119 ملک ہم سے ترقی میں زیادہ اور سہولتوں میں زیادہ ہیں۔ تو میں یہ عرض کروں گا کہ ہم نے صرف سب سے زیادہ آبادی میں ترقی کی ہے جیسا کہ میں گوشوارہ محترم اراکین پارلیمنٹ کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں کہ پہلے میں نے عرض کیا کہ 1950ء میں ہم 14واں ملک تھے آبادی کے لحاظ سے اور ہم سے انڈیا' چین' روس' امریکہ' جاپان' انڈونیشیا' برازیل' برطانیہ' جرمنی' اٹلی' بنگلہ دیش' فرانس اور نائجیریا ہم سے آبادی میں زیادہ بڑے تھے۔ 1963ء میں ہم نے نائجیریا کو کراس کیا۔ نائجیریا کی آبادی سے ہم آگے چلے گئے۔ 1965 میں ہم نے فرانس کی آبادی کو پیچھے چھوڑا اور اس کی آبادی سے بھی زیادہ ہو گئے۔ 1967ء میں ہم گیارہویں نمبر پر آگئے اور ہم نے اٹلی کی آبادی کو کراس کیا اور 1969ء میں ہم برطانیہ کی آبادی کو کراس کر کے دسویں نمبر پر آگئے اور 1971ء میں ہم نے جرمنی کی آبادی کو پیچھے چھوڑا اور اس کو کراس کرکے نویں نمبر پر آگئے اور پچھلا سال جو گزرا ہے ہم نے آبادی میں بنگلہ دیش کو بھی کراس کرلیا ہے جب کہ یہ ایک بڑا ہی گھمبیر مسئلہ ہے۔ میں چاہوں گا یہاں اپنے محترم اور معزز اراکین کہ یہ غور طلب بات ہے کہ 1950ء میں مشرقی پاکستان جو اب بنگلہ دیش ہے اس کی آبادی 5 کروڑ کے قریب تھی جب کہ مغربی پاکستان کی آبادی تین کروڑ چونتیس لاکھ کے قریب تھی اور ہم نے اس دوران میں پاکستان کا وہ حصہ جو مشرقی پاکستان تھا اور یہ مغربی پاکستان تھا۔ مغربی پاکستان کی آبادی پچھلے سال مشرقی پاکستان سے بھی کراس کر گئی ہے اور اگر اسی طرح ہم نے اس بڑھتی ہوئی آبادی کے بارے میں شرح اضافہ آبادی میں ہم نے غور نہ کیا' اس ایوان نے غور نہ فرمایا تو پھر اسی طرح ہماری آبادی بڑھتی گئی تو 1995ء میں ہم جاپان سے آگے گزر جائیں گے۔ یعنی جاپان وہ ملک ہے جسکی آبادی 1950ء میں آٹھ کروڑ تھی اور پاکستان جو اس وقت مغربی پاکستان تھا اس کی آبادی سوا تین کروڑ تھی اور ہم 1995ء میں اس آبادی کو بھی کراس کر جائیں گے جو کہ ہم سے تین گنا بڑی تھی اور اسی طرح اگر اس شرح اضافہ آبادی کو ہم نے چیک نہ کیا تو

2004ء میں ہم روس سے بھی آبادی میں بڑا ملک ہو جائیں گے اور 2018ء میں ہم برازیل کو بھی کراس کر جائیں گے اور 2025ء میں ہم دنیا کا چوتھا ملک بن جائیں گے اور ہم انڈونیشیا کی آبادی کو بھی کراس کر جائیں گے یعنی وہ ملک جس کی آبادی 1950ء میں تقریباً دس کروڑ کے قریب تھی اور مغربی پاکستان جو اس وقت پاکستان ہے اس کی آبادی تین کروڑ اور کچھ تھی تو اس سے بھی بڑھ جائے گی تو اس طرح سے یہ ایک ایسا گھمبیر مسئلہ ہے جس کی طرف پوری قوم کی توجہ چاہئے۔ یہ وہ ملک ہے جس کے لئے والے محرومیوں کا شکار ہیں۔ یہ وہ ملک ہے جس کی آبادی میں 35 لاکھ سالانہ اضافہ ہو رہا ہے یعنی دوسری طرف ہم سنگاپور کے ڈیڑھ ملک کے برابر ہر سال آبادی میں اضافہ کر رہے ہیں۔ اگر ہم ایک مسلمان ملک کی مثال لیں تو اردن کی آبادی چالیس سے پینتالیس لاکھ کے قریب ہے۔ اس طرح ایک اردن کا ملک اپنے ملک میں ہم پیدا کر رہے ہیں اور جیسا کہ ہمارے وسائل ہیں ان کے اوپر یہ بہت بڑا بوجھ ہے۔ اگر ہم اس پر غور فرمائیں کہ آج ہماری آبادی کو کیا سہولتیں میسر ہیں اور اس بڑھتی ہوئی آبادی نے ہمیں کن کن نقصانات سے دو چار کیا ہے۔ آج اس وقت پاکستان کی ساڑھے بارہ کروڑ آبادی میں سے پانچ کروڑ کے قریب وہ لوگ ہیں جن کو کہ صحت کی سہولت میسر نہیں ہے نو کروڑ کے قریب وہ لوگ ہیں جس کو کہ صاف پینے کا پانی میسر نہیں ہے۔ پانچ کروڑ ہمارے نوجوان ناخواندہ ہیں اور جو بیروزگاری کا عالم ہے وہ آپ سب کے سامنے ہے۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ پاکستان کے عوام نے، پاکستان کے کاشتکاروں نے، پاکستان کے سائنسدانوں نے ترقی نہیں کی ہے۔ پاکستان کے سائنسدانوں نے، کسانوں نے، یہاں محترم وزیر خوراک تشریف رکھتے ہیں، 1950ء میں ہماری پیداوار تین ملین ٹن کے قریب گندم تھی، آج اس وقت پاکستان کے کاشتکاروں نے، حکومت نے جو incentives دیئے ہوئے ہیں ان کو مد نظر رکھتے ہوئے چودہ ملین ٹن گندم پیدا کر رہے ہیں لیکن اس کے باوجود بھی ہم باہر سے گندم منگواتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جتنی ہم نے آبادی بڑھائی ہے، دنیا نے اپنی آبادی کو روکا ہے اور پیداوار بڑھائی ہے اور انڈونیشیا جیسا ملک جو کہ ایک وقت گندم درآمد کرتا تھا لیکن اب انہوں نے اپنی آبادی کو کنٹرول کیا۔ اس وقت اپنی ضرورت سے زائد وہ برآمد کر رہے ہیں اور اگر پاکستان کی آبادی بھی انڈونیشیا کی طرح جو کہ ہمارا مسلمانوں کا سب سے بڑا ملک ہے، اس کے تحت بڑھتی تو آج ہم بھی گندم اپنے ملک میں درآمد کرنے کی بجائے برآمد کر رہے ہوتے۔

میں گزارش کروں کہ اگر ہماری آبادی اسی طرح بڑھتی رہی تو 6 سال کے بعد ہم اس ملک سے چاول جو اس وقت ہم برآمد کر رہے ہیں وہ ہماری آبادی کے لئے ہی کافی ہوگا اور ہم اس کی برآمد نہیں کر سکیں گے۔ تو اس لئے پاکستان یہ چاہتا ہے کہ دنیا کی ترقی کے ساتھ شامل ہو اور جو ہمارے سائنسدانوں نے، ہمارے محنت کشوں نے، ہمارے کسانوں نے جو ترقی حاصل کی ہے جیسا کہ

(GDP growth) میں نے ابھی عرض کیاہے کہ 6.4 ہے جو کہ دنیا میں پانچویں نمبر پر ہے لیکن جتنا ہم کماتے ہیں آبادی کا اضافہ بے تحاشہ ہے اور وہ اس سے زیادہ اس کے اوپر صرف ہو جاتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں ہماری حالت یہ ہے کہ جیسے ایک ریل کا انجن ہے' اس کی ہارس پاور سو ہے' اس کے پیچھے دس ڈبے لگے ہوئے ہیں اور ہمارے انجینئر محنت کرکے اس کی capacity کو بڑھاتے ہیں کہ ہم اپنی ترقی کی منزل کو جلدی حاصل کریں اور اس کے پیچھے چار ڈبے اور وزن کے زیادہ لگ جاتے ہیں اور جس وجہ سے ہماری ترقی کی رفتار اور زیادہ پیچھے آجاتی ہے۔ آج اس وقت ہمارے لیئے اہم ترین قومی مسئلہ' اس کے لیئے میں حزب مخالف کو بھی دعوت دوں گا اور ہماری حکومت جو ہے وہ اس وقت اس کے بارے میں پوری سنجیدگی سے committed ہے کہ ہم نے اپنے ملک کو یہ شعور دینا ہے۔ اپنے ملک کے جو مسائل ہیں ان کو حل کرنا ہے اور حل کرنے کے لئے علمائے کرام کو اعتماد میں لینا ہے۔ ان سے رہنمائی لینی ہے۔ اراکین پارلیمنٹ کی رائے کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے اس پروگرام کو آگے لے کر چلنا ہے اور جس طرح دنیا ترقی کی دوڑ میں آگے سے آگے نکلنا چاہتی ہے تو پاکستان کی بھی خواہش ہے کہ ہم اپنی خود انحصاری کی منزل حاصل کریں۔ ہم بیرونی قرضوں پر انحصار نہ کریں۔ ہم لوگوں کی ہاتھوں کی طرف نہ دیکھیں اور یہ تب ہی ممکن ہوگا کہ ہم ہرقسم کی پلاننگ کریں۔ ہم اپنی آبادی کی منصوبہ بندی کریں۔ ہم اپنے جو وسائل ہیں ان کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کو زیادہ سے زیادہ کام میں لا کر اپنے ملک کو خوشحالی کی راہ پر گامزن کریں اور یہ اسی وقت ہو سکتا ہے جس طرح دنیا نے آبادی پر کنٹرول کرکے کی ہے۔

پاکستان بننے سے پہلے یہ خطہ امیر ترین خطہ تھا اور اس وقت یہاں کی آبادی کی جو شرح اضافہ تھی وہ 1.8 تھی۔ 1947ء میں اس خطہ میں آبادی کی شرح اضافہ 1.8 تھی جو کہ آج 2.9 کے قریب ہے۔ اس وقت موجودہ حکومت پوری طرح سے committed ہے۔ موجودہ حکومت سے پہلے صرف دیہاتوں میں پانچ فیصد عوام کو سہولت میسر تھی جو کہ آئندہ آٹھویں پانچ سالہ منصوبے میں ہم نے مالیات کو بھی بڑھایا ہے جو کہ 3.5 بلین تھا۔ اب ہم نے اس کی allocation کو بڑھا کر 9.8 بلین پاکستانی روپیہ کےبرابر اس کا حجم کیا ہے اور جو پانچ فیصد اس وقت دیہاتوں میں service delivery کا نظام ہے اس کو بڑھا کر ہم 70 فیصد کرنا چاہتے ہیں اور شہروں میں جو کہ اس وقت 60 فیصد ہے شہری آبادی کے لیئے اس کو 100 فیصد کرنا چاہتے ہیں۔ یہ ہمارا object ہے اور موجودہ حکومت پوری طرح اس کے بارے میں باخبر ہے اس پروگرام کے لیئے ایک awareness کی تحریک چلائی ہوئی ہے اور دیہاتیوں کو جھونپڑی سے لے کر شہر کے محل تک ہم پاکستان کے عوام کو یہ شعور دے رہے ہیں کہ ملک کی بڑھتی ہوئی آبادی کے کیا کیا ہمارے لیئے نقصانات ہیں اور کیا

کیا اس کے اثرات ہیں اور جس طرح کہ ساری دنیا کے ممالک نے اپنی آبادی کی منصوبہ بندی کی ہے اگر ہم بھی اپنی آبادی کی منصوبہ بندی کریں تو پاکستان کو اللہ تعالیٰ نے اپنے قدرتی ذرائع سے مالا مال کیا ہوا ہے کہ پاکستان خدا کے فضل سے ترقی یافتہ ممالک کی صف میں شامل ہو سکتا ہے اور جب تک ہم پوری قوم کو سنجیدگی سے اپنے ساتھ لے کر نہیں چلتے اس وقت یہ ترقی اور خوشحالی کے جو خواب ہیں وہ شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتے اور اس لئے جنابہ چیئرمین صاحبہ' میں آپ سے گزارش کرنا چاہ رہا ہوں کہ ہمارا object کیا ہے۔ آئندہ آٹھویں پانچ سالہ منصوبے میں ہمارا object یہ ہے کہ اس وقت جو سی پی آر کا ریٹ 14 فیصد ہے ۔ سی پی آر ریٹ (Contraceptive Plaverous Rate) ہے اس کو ہم نے بڑھا کر 24.4 فیصد کرنا ہے اور ہم total fertility rate جو کہ 5.97 ہے اس کو گھٹا کر ہم نے 5.4 کرنا ہے اور ہم نے سی پی آر کے ریٹ کو 39 سے کم کرکے 35 کرنا ہے اور اس طرح سے ہمارا یہ جو پروگرام ہے کہ ہم چاہتے ہیں کہ یہ جو rate of growth ہے اس کو تھوڑا سا نیچے لایا جانے اور ہمارا یہ ٹارگٹ ہے کہ اس وقت جو ہماری شرح اضافہ آبادی ہے 2. 9 ہے' اس کو ہم نے کم کرکے 2.6 کرنا ہے حالانکہ ہمارا ہمسایہ ملک جو کہ انڈیا ہے اس وقت وہاں 2.1 ہے۔ بنگلہ دیش جو کہ ہمارا بازو تھا' ہمارا حصہ تھا' وہاں اس وقت جو ریٹ ہے وہ 2.1 ہے۔ وہ بھی ہم سے آگے نکل گئے ہیں اور انڈونیشیا جو کہ ہمارے مسلمانوں کا سب سے بڑا ملک ہے وہاں اس وقت شرح اضافہ آبادی 1.7 ہے اور یہ بات میں ایوان کو ضرور عرض کرنا چاہوں گا کہ ایک وقت تھا کہ انڈونیشیا سے وہاں کی حکومت کے نمائندے یہاں پاکستان میں آبادی کی منصوبہ بندی کے پروگرام کا جائزہ لینے آتے تھے اور پاکستان کے پروگرام کو لے کر انہوں نے وہاں اپنے ملک میں اس پر عملدر آمد کیا اور ابھی پچھلے مہینے' کچھ معزز سینیٹر بھی میرے ساتھ تھے۔ اور بھی ہمارے ممبران پارلیمنٹ تھے' صوبائی اسمبلیوں کے ارکان تھے۔ جب ہم وہاں پہنچے تو وہ ہمیں بتا رہے تھے کہ یہ پروگرام وہ ہے جو ہم آپ کے ملک سے لائے ہیں اور اس وقت جب انہوں نے یہ پروگرام شروع کیا' اس وقت ان کی افراط زر کی شرح 4.5 تھی اور اس وقت ان کے ملک کی غربت کی لائن سے نیچے رہنے والی آبادی کی تعداد 30 فیصد تھی جو کہ آج پاکستان کی ہے کہ پاکستان میں غربت سے نیچے رہنے والے عوام 30 فیصد ہیں۔ اس وقت انڈونیشیا میں اس پروگرام پر عملدر آمد کرتے ہوئے وہ Take Of Position پر پہنچ چکے ہیں۔ اس وقت بنگلہ دیش میں افراط زر 0.56 ہے اور اس وقت انڈونیشیا میں کوئی بھی غربت کی لائن سے نیچے زندگی نہیں گزار رہا۔

(اس مرحلہ پر ظہر کی اذان ہوئی)

POINT OF ORDER RE: WALK OUT OF THE PRESS REPORTER

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جی جناب حافظ حسین احمد صاحب آن پوائنٹ آف آرڈر۔

حافظ حسین احمد۔ جب تک وزیر موصوف ذرا دم لے لیں، میں ایک گزارش کرنا چاہتا ہوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایک نہایت ہی اہم مسئلہ ہے، اس کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ مسئلہ یہ کہ جب سے یہ حکومت بنی ہے، صحافت پر کچھ زیادہ ہی نظر کرم ہے اور وہ ہمیں بھی شرمندہ کر رہے ہیں، اتنے واک آؤٹ وہ کرتے ہیں جتنے ہم نہیں کرتے ہیں۔ کبھی غداری کا مقدمہ ہے تو کبھی توہین عدالت کا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے کچھ صحافیوں کو بھی گرفتار کیا گیا ہے، سید بدرالزمان ہیں، وہ خبریں کے سوات ڈسٹرکٹ کے رپورٹر ہیں۔ اسی طرح روزنامہ بشارت کے عثور خان عادل ہیں، ان کا قصور یہ ہے کہ کہ انہوں نے کچھ غیرفطری جرائم جس میں ایک ایکسٹرا کمیشنرز، کچھ آفیسرز اور کچھ انجینئرز تھے، ان کو انہوں نے بے نقاب کیا تھا، اس کی پاداش میں انہیں گرفتار کیا گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے سٹینڈنگ کمیٹی کے فصیح اقبال صاحب آج نہیں ہیں، اس سے پہلے انہوں نے واک آؤٹ بھی کیا، ہمیں اطلاع بھی نہیں، کیونکہ ہم انہیں نظر نہیں آتے، وہ ہمیں نظر نہیں آتے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اس مسئلے کو جو ہمارے......

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ میں درخواست کرتی ہوں ان کے ساتھیوں سے کہ وہ ان کو لے آئیں۔

حافظ حسین احمد۔ نہیں جی جن کو گرفتار کیا گیا ہے، روزانہ کسی نہ کسی طریقے سے ان کو ہراساں کیا جارہا ہے۔ بہرحال اس پر آپ ذرا اس کا نوٹس لیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جی ضرور میں اطلاع کردیتی ہوں۔ جی جناب بریگیڈیئر صاحب آن پوائنٹ آف آرڈر۔

Malik Muhammad Hayat: In my submission, I ment those newspaper correspondents who write wrong stories or in correct stories, not all the press. I think there is no need for all the press to boycott, because I did not say that the entire press is bad. It is only few people who put incorrect stories against the Parliamentarians.

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جی جناب رانا نذیر صاحب آپ وائنڈ اپ کریں۔

رانا نذیر احمد خان۔ میری گزارش ہے کہ اس کو اگلے اجلاس میں نہ لے جائیں' یہ بہت اہم معاملہ ہے' میں چاہتا ہوں کہ سارے facts and figures دے دینے جائیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ نہیں آپ وائنڈ اپ کریں جی۔ شکر کریں کوئی ایک کام تو ختم ہونے والا ہے۔

ڈاکٹر محمد ریحان۔ میری گزارش ہے کہ نماز کے بعد ہمیں دوبارہ آنا چاہیئے جی' اور بھی کئی اہم تحاریک رہتی ہیں' قراردادیں رہتی ہیں جناب۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جی یہ وائنڈ اپ کر رہے ہیں جی۔ جی آپ اسےختم تو ہونے دیں' تشریف رکھیں۔

رانا نذیر احمد خان۔ جناب چیئرمین صاحبہ' میں ابھی گزارش کررہا تھا کہ پاکستان کی جو شرح اضافہ آبادی ہے اگر اس کی شرح 1.8 فیصد جو کہ 1950ء اور قیام پاکستان کے وقت یا اس سے قبل تھی' اگر یہ شرح برقرار رہتی اور یہ شرح 1.8 سے بڑھ کر 2.9 یا 3.1 نہ ہوتی تو اس وقت ہماری جو آبادی تھی وہ 6 اور 7 کروڑ کے درمیان ہوتی تھی اور اگر پاکستان کی آبادی اس وقت ان حدود میں ہوتی تو ایک عام اندازے کے مطابق ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ پاکستان میں اس وقت جو کہ 80 ملین میٹرک ٹن گندم save ہوتی تھی' اگر اسی طرح ہماری آبادی بڑھتی تو 11 ملین میٹرک ٹن چاول کی saving جو کہ اربوں اور کھربوں روپے کی ہماری مالیت ہوتی اور آج جو ہم edible oil' چائے اور پٹرول جو ہم باہر سے درآمد کر رہے ہیں تو اس کا تیسرا حصہ جو ہے وہ اس وقت ہم منگوارہے ہوتے اور اس کے اوپر بھی نیشنل اکانومی میں کم سے کم بوجھ پڑتا اور ہم ایک خوشحال قوم ہوتے اور اس وقت ہم اپنی آبادی کے 55 فیصد کی بجائے 85 فیصد لوگوں کو ہم safe drinking water مہیا کر رہے ہوتے اور ہمارے ہاں پرائمری تعلیم جو ہے وہ سو فیصد ہوتی۔ اور اس ملک میں literacy rate اس وقت 30 فیصد ہے' ہم 100 فیصد کو چھو رہے ہوتے۔ اور آج ہماری آبادی کی جو فی کس آمدنی دس ہزار روپے سالانہ ہے اس کی بجائے30 ہزار سے 40 ہزار تک ہماری فی کس آمدنی ہوتی جو کہ اللہ کے فضل سے ایک خوشحال ملک کے لئے ایک تصور کیا جا سکتا ہے۔ اور اگر ہم اسی طرح جس طرح سے آج ہماری اس آبادی کا اضافہ ہو رہا ہے' اگر ہم نے اس کو چیک نہ کیا اور اس پر ہم نے پوری concentration نہ کی اور پوری قوم کو اعتماد میں نہ لیا ہوتا جو کہ اب

ہم لے رہے ہیں اور اگر ہم اس کو نظرانداز کرتے تو اس کے بہت گھمبیر نتائج نکلتے۔ اس لئے اس کو اہم ترین مسئلہ سمجھتے ہوئے موجودہ حکومت نے اس پر پوری توجہ دی ہے اور جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے کہ ہم نے object مقرر کیا ہے اور اسی طرح ہم اس بڑھتی ہوئی آبادی کو اور ہم نے دنیا کی آبادی کے ساتھ اپنے آپ کو متوازن نہ کیا یا اس کو کم نہ کیا تو پھر ہم اس وقت 1990ء میں 3.5 ملین ٹن جو ہے چاول اس کی ہمیں ضرورت ہے، جبکہ ہمیں اس کی ضرورت 2000ء 7 ملین ٹن جو ہے وہ ہو جائے گی اور وہ اس وقت ہماری ٹوٹل پیداوار نہیں ہے اور جیسا میں نے عرض کیا کہ سات سال کے بعد اگر اسی طرح ہماری آبادی میں اضافہ ہوتا رہا تو ہم چاول کو برآمد کرنے کی بجائے ہمیں اس کی درآمد کرنا پڑے گی۔

اور جو اس وقت لوڈشیڈنگ کی حالت ہے پورے اپنے قدرتی وسائل کو استعمال کرنے کے باوجود، وہ ہمارے سامنے ہے اور GNP Growth ہمارا اس وقت 6.4 فیصد ہے جو پچھلے سال رہا ہے، اس سے پچھلے سال 6.5 فیصد ہمارا GNP Growth رہا ہے۔ اس کو maintain کرنے کے لئے اگر ہم نے اپنی آبادی کی شرح اضافہ کو کنٹرول نہ کیا تو ہمیں 19000 بلین روپے کی ضرورت ہوگی جو کہ ممکن نہیں ہے۔ اتنی investment ہم کہاں سے لائیں گے؟ اس لئے یہ اعداد و شمار میں دیتا جاؤں کیوں کہ آپ اور میرے محترم ممبران بیٹھے ہیں اور یہ اعداد و شمار کا ایک بڑا وسیع و عریض ڈیٹا (data) ہے جو کہ میں چاہتا تھا کہ یہ سارا ایوان یہاں تشریف رکھ رہا ہوتا اور ہم ان کو اپنی اس حالت کے بارے میں بتاتے کہ کس حالت میں ہم اپنے ملک سے دوچار ہونے والے ہیں۔ پاکستان کے عوام کی روح جو کہ یہ ایک منتخب نمائندوں کا ہاؤس ہے اور اپر ہاؤس ہے--------

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جی بعد میں ہاؤس میں تقسیم کر دیں جی۔

رانا نذیر احمد خان۔ میری خواہش یہ ہوگی کہ یہ جو ہمارے ممبران ہیں اس کے بارے میں ضرور اپنا اظہار خیال بھی فرمائیں اور اس کے بارے میں اور جیسا کہ یہاں ایک دو باتیں جس کے بارے میں ضرور عرض کرنا چاہوں گا کہ ڈاکٹر ریحان صاحب جو کہ ہمارے بہت ہی پڑھے لکھے اور میں ہمیشہ ان سے guidance لیتا ہوں۔ انہوں نے فرمایا ہے اپنی تقریر میں کہ جو جاپان ہے یا چین ہے انہوں نے خاندانی منصوبہ بندی پر عمل نہیں کیا ہے جبکہ ابھی کل کا انہوں نے اخبار پڑھا ہوگا کہ کل انہوں نے فیصلہ کر لیا ہے کہ there is no second child اور چین کی پورے کے پورے پلانرز اور ماہر اقتصادیات کا یہ متفقہ فیصلہ ہے۔ وہ یہی ہے اگر ہم چین کی آبادی کو نیچے نہ لائے وہ ان کا منفی growth چاہتے ہیں اور انہیں پتہ ہے کہ اگر اب تک جتنی آبادی کو وہ روک

چکے ہیں اور جتنی growth کو وہ نہ روکتے اور ماؤزے تنگ کے بھی اب وہ خلاف ہیں۔ وہ تو اس فلسفے کا خلاف ہیں جو کہ انہوں نے ان کو دیا کہ جو آدمی آتا ہے وہ تو ماؤزے تنگ کا ہے۔ میں تو مسلمان ہوں میں تو وہی گزارش کروں گا جو ہمارے، علماء کرام ہمیں کرتے ہیں لیکن میں اس کی بات کر رہا ہوں کہ ان کا بنیادی فلسفہ ترقی حاصل کرنے کا یہی ہے کہ اب چین نے اپنے ملک کے باشدوں پر یہ پابندی لگادی ہے کہ مستقبل میں پہلے دو بچوں کی تھی اب ایک رہ گئی ہے۔ چونکہ ان کو یہ پتہ چل گیا ہے کہ یہ ایک ایسا mechanism ہے جس سے کہ ملک میں لینے والوں کی حالت کو بہتر کیا جا سکتا ہے اور------

Dr. Muhammad Rehan: Point of personal explanation.

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جی جناب ڈاکٹر محمد ریحان صاحب تقریر کے دوران آپ نہیں کر سکتے' جب وہ ختم کر لیں گے تب۔

ڈاکٹر محمد ریحان۔ جناب میں نے کہا تھا کہ---------

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ ڈاکٹر صاحب آپ چیئر کی respect کریں۔

رانا نذیر احمد خان۔ آپ کا بہت بہت مشکور ہوں کہ آپ ----- تو یہاں ہمارے ایک اورمحترم رکن سینٹ نے فرمایا ہے کہ جاپان نے خاندانی منصوبہ بندی پر عمل درآمد نہیں کیا۔ جبکہ انہوں نے ترقی ہی اسی بنیاد پر حاصل کی ہے۔ تو 1950ء میں جیسا کہ میں ابھی ابھی عرض کررہا تھا کہ جاپان کی آبادی 8 کروڑ تھی اور اس وقت جاپان کی آبادی 11 کروڑ ہے۔ یعنی چالیس سال میں ان کی آبادی ڈیڑھ گنا بھی نہیں ہوئی اور آئندہ ان کا growth صفر ہے۔ اگر جاپان کی آبادی پاکستان کی شرح کے مطابق بڑھ رہی ہوتی تو اس وقت جاپان کی آبادی 32 سے 33 کروڑ ہوئی تھی اور اگر آج بھی جاپان میں 32 سے 35 کروڑ انسانوں کو داخل کر کے وہاں بسا دیا جائے تو جتنی آج ترقی ہے۔ جتنی خوشحالی ہے جاپان میں' وہ غربت میں تبدیل ہو جائے یہ آبادی کے بوجھ سے اور یہ جاپان کا بھی بنیادی فلسفہ یہی تھا کہ انہوں نے اپنی بڑھتی ہوئی آبادی کی شرح کو کنٹرول کیا اور اپنے ذرائع کو بڑھایا۔ GNP Growth ان کا زیادہ ہوا اور آج وہ دنیا کی ایک خوشحال ترین قوم ہے۔ تو اس میں یہی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ موجود حکومت اس کے بارے میں سنجیدہ ہے اور انشاء اللہ جو ہم نے object مقرر کئے ہیں ان کو پاکستان کے عوام کے تعاون سے اراکین پارلیمنٹ کے تعاون سے اور جو ہمیں guidance یہاں سے ملتی ہے ہمیں بہت ساری guidance یہاں سے مل

ہیں۔ اور جب سے اس اعلیٰ ایوان میں اس کے اوپر بحث ہوئی ہے۔ آپ نے اظہار خیال فرمایا ہے۔ پورے محکمے میں ایک دلجمعی سے ایک حوصلہ ہوا ہے کہ ہمارے حق میں بھی ایوان بالا میں بولنے والے ہمارے ساتھی ہمارے لئے دعا گو موجود ہیں اور انشاء اللہ ہم اس کے لئے پوری کوشش کریں گے کہ پاکستان کے پورے عوام کو، علماء کرام کو اور اراکین پارلیمنٹ کو اور اپوزیشن کو بھی کیونکہ یہ حکومت کا پروگرام نہیں بلکہ یہ پوری قوم کا پروگرام ہے۔ آنے والی نسل کے متعلق ہم نے سوچنا ہے تو بہت ہم مل کر اس پروگرام کے بارے میں ایک consensus کریں گے اور اس طرح جو متفقہ رائے ہوگی انشاء اللہ ہم اس کو مد نظر رکھتے ہوئے اس پر عمل درآمد کریں گے۔ شکریہ۔

Madam Deputy Chairman: Now I read the President Order.

جی عبدالجبار صاحب آن پوائنٹ آف آرڈر۔

میر عبدالجبار۔ جناب ہمارے محترم وزیر صاحب کی نہایت ہی عالمانہ اور سیر حاصل قسم کی گفتگو سن کر بڑی خوشی ہوئی کہ بہت کام ہو رہا ہے۔ میں صرف اتنی گزارش کرنا چاہتا تھا رانا صاحب کی خدمت میں کہ پچھلے سال انہوں نے ہمیں تمام سینئر حضرات کو اپنی طرف سے کچھ سرکلرز بھجوائے تھے اور ہماری آراء مانگی تھیں۔ تو میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں آپ کے توسط سے کہ رانا صاحب کی خدمت میں کہ میں نے چند تجاویز بھجوائی تھیں۔ امید ہے ان کی نظر سے گزری ہوں گی۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ شکریہ جی۔ ڈاکٹر ریحان صاحب on personal explanation۔

ڈاکٹر محمد ریحان۔ جناب میں through out اس ڈیبیٹ بلکہ اس کے علاوہ بھی کئی جو اس طرح کے مسائل یا موشن آجاتے ہیں۔ تو جناب میں پاپولیشن کو کنٹرول کرنے کے بارے میں ہمیشہ بولتا ہوں اور اس کے بارے میں میں بڑا سخت قسم کا واقع ہوں۔ لیکن جناب وہ کہتے ہیں پشتو میں کہ ہندو جتنی بھی عبادت کر لے خدا پھر بھی اس سے خوش نہیں ہوگا۔ میں حیران ہوں کہ یہ وزیر صاحب کس طرح کہتے ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جناب عالم علی لالیکا صاحب۔

میاں عالم علی لالیکا۔ میڈم میں اس بحث میں نہیں پڑنا چاہوں گا۔ میرا ایک Call Attention Notice ہے جو unfortunately ایجنڈے کے آخر میں رکھا گیا تھا اور اس کی اہمیت بہت ہے۔ وہ وزیر برائے کامرس یہاں موجود نہیں ہیں۔ لیکن ہمارے وزیر زراعت صاحب موجود ہیں۔ ہماری منڈیوں میں کروڑوں من کپاس---------(خاموشی)--------

میں اس کو صرف پڑھ دینا چاہتا ہوں محترمہ تاکہ گورنمنٹ کے نوٹس میں یہ آجائے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ گورنمنٹ کے نوٹس میں جب اس کا کوئی response نہیں ہے۔ جواب تو کوئی دے گا ناں وزیر صاحب بھی۔ آپ کا تو مطلب یہ ہے کہ آپ اس کا کوئی فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔

میاں عالم علی لالیکا۔ میں صرف یہ فائدہ اٹھانا چاہتا ہوں کہ--------

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ آپ نہیں میرا مطلب جس کے لئے آپ کر رہے ہیں۔ ان کا کوئی فائدہ ہو۔

میاں عالم علی لالیکا۔ فائدہ تو جی خدا کرے گا۔ میں تو صرف اپنا فرض ادا کرنا چاہتا ہوں کہ مجھے تار موصول ہوئی ہے------

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جب تک وزیر کوئی اس کا response نہ ہو یا responsible وزیر۔ آپ دوبارہ نوٹس دیں اور اسے لے آئیں۔

میاں عالم علی لالیکا۔ نوٹس کے آتے ہی کپاس چلی جائے گی۔

Madam Deputy Chairman: Now, I read out the President Orders in access of power confirm clause (1) of the Article 54 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan. The President hereby prorogues the Senate on the conclusion of its sitting on 4th March, 1993.

(The Senate adjourned sine die)

PCPPI—334(96)Senate—18-8-97—180.